الحياة والموت

في فلسفة إقبال رح

بالعربية والأردية

اقبال کا فلسفۂ حیات و موت

ترجمه الى العربية
نثراً ونظماً

محمد حسن الأعظمي
(من علماء الأزهر)
سکریٹری جنرل عالمی تنظیم
اتحاد العالم الاسلامی

و

الصاوی علی شعلان
(الماجستير من جامعة القاهرة)
نائب صدر شعبۂ تحریر و تقریر
اتحاد العالم الاسلامی

الناشر
الأزهر پرنٹرز اینڈ پبلشرز کوآپریٹو سوسائٹی لمیٹڈ
۱۴۷ گارڈن مارکیٹ کراچی۔ (فون ۷۷۶۷۶)۔

سول ایجنٹ: مکتبۂ الفیروز - ۱۰۶ اگرهالی بلڈنگ صدر کراچی
نمبر ۷۸ پانچویں منزل نور چیمبرز بندر روڈ کراچی

حقوق الطبع محفوظة المترجمین

IQBAL ACADEMY LIBRARY
10371
LAHORE

تعداد طباعت	ایک ہزار
کتابت	محمد نذیر (نیکا کارنر ۳۴۳ گڈھیالی بلڈنگ صدر کراچی)
دوسرا ایڈیشن	اپریل ۱۹۶۹ء
پریس	سپر آرٹ کراچی

★

The Public Library,
Bagh Langa Khan Multan,
Accession No.. 25136.....
Call No...... Book No.........

محتویات

۱۔	انتساب		۵
۲۔	حرف آغاز	از محمد حسن الاعظمی	۷
۳۔	تعارف	از سر شیخ عبدالقادر مدیر مخزن	۱۱
۴۔	مقدمہ	از علامہ محمد رزق المصری	۲۰
۵۔	تقدیر الکتاب	از ڈاکٹر عبدالوہاب عزام	۲۶
۶۔	اقبال کے متعلق	از ہندو لیڈر روستیہ جیب	۲۸
۷۔	الکتاب الاوّل: فی فلسفۃ الحیاۃ و الموت		۳۲
۸۔	کتاب اوّل: اقبال کا فلسفہ حیات و موت		۳۱
۹۔	الکتاب الثانی: النشید الاسلامی		۱۲۴
۱۰	کتاب ثانی: ترانہ ملی		۱۲۵
۱۱	حدیث الروح	از سیدہ اُم کلثوم	۱۲۶

شکوی بجواب شکوی	۱۴۷
مقدمہ	۱۴۸
شکوی (عربی۔ اردو)	۱۵۸
جواب شکوی (")	۱۶۷
فاطمۃ الزہرا	۱۹۴
کتاب الثانی: اقبال کا خاندان	۱۹۹
آفتاب اقبال	۲۰۳
افتتاحی تقریر	۲۰۶
رشید بیگم آفتاب	۲۲۱
اقبال پر بہتان اور اس کی حقیقت از ملا واحدی	۲۲۳
شاعر اسلام، محمد اقبال از مدیر مجلہ ازھر	۲۲۵
علامہ سے متعلق چند حقائق	۲۳۱

الاهداء

الى المحامی آفتاب اقبال (النجل
الاکبر للعلامة اقبال) رئیس
المنظمة العالمیة "اتحاد العالم
الاسلامی"

انتساب

بنام جناب آفتاب اقبال صاحب
(فرزند اکبر علامہ اقبال) صدر عالمی تنظیم
اتحاد عالم اسلامی

حرف آغاز

دوسری جنگ عظیم کے دوران دنیائے اسلام کے سب سے بڑے ثقافتی شہر قاہرہ میں عربی کے مشہور رسالہ الثقافہ والرسالہ اور "مجلۃ الازہر" وغیرہ کے لئے مفکر پاکستان علامہ اقبال کے بین الاسلامی تصورات سے لبریز اشعار کو میں نے نثر میں ترجمہ کیا جسے جامعۂ ازہر کے ممتاز شاعر و عالم استاد صاوی علی شعلان نے منظوم کیا جنہیں مقالات کی شکل میں شائع کر کے علامہ سے عربی و اسلامی دنیا کے علماء و ادباء کو متعارف کرایا گیا تھا۔ اس کے قبل ۱۳۵۵ھ/۱۹۳۶ء سے اردو کلام کا سب سے پہلے ہم نے ہی منثور و منظوم ترجمہ پیش کیا تھا جو عالمی تنظیم "جماعت الاخوۃ الاسلامیہ" کے ثقافتی اجلاسوں میں بڑی دلچسپی سے سنے جاتے تھے۔ اور نمائندگان عالم کے ذریعے دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہونچ گئے ہیں۔ اسی تنظیم کا مرکز لمبنوۂ

قائدِ اعظم نے ۱۹۴۸ء میں کراچی منتقل کیا گیا اور ۱۹۴۹ء کے عالمی اجلاس کے موقع پر مصلحتاً نام بدل کر "موتمر العالم الاسلامی" اختیار کر لیا گیا تھا پھر ۱۹۶۲ء میں "اتحاد العالم الاسلامی" کے نام سے رجسٹرڈ کروا لیا گیا ہے۔ اس کے سابق صدور میں مرحوم مفسر اعظم شیخ طنطاوی جوہری، ڈاکٹر عبدالوہاب عزام سفیر مصر متعینہ پاکستان، علامہ نواب رشید مکی، شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی شامل ہیں۔ ۱۹۶۸ء کے اکتیسویں ۳۱ سال کی صدارتی ذمہ داری جناب آفتاب اقبال صاحب کے سپرد کی گئی ہے، اور اسی مناسبت سے اس کتاب کا انتساب موصوف کے نام ہے۔

اختتام جنگ کے ساتھ ہی "اقبال کا فلسفۂ حیات و موت" نامی کتاب بذریعہ بزم اقبال حیدر آباد دکن عربی اردو میں شائع کی گئی، جس کے نسخے پاکستان میں نایاب ہیں۔ اس کے اس دوسرے ایڈیشن میں شکوہ و جواب شکوہ، اور ان دونوں کے ۲۸ منتخب اشعار کا اضافہ کیا گیا ہے، جنہیں مطربہ شرق سیدہ ام کلثوم نے ۴ مئی ۱۹۶۷ء کے ایک جشن موسیقی میں گا کر اور دس ہزار رکارڈ بنوا کر پاکستان کی بے مثال خدمت کی ہے ان رکارڈوں کو عرب و اسلامی ممالک کے ریڈیو و ٹیلی ویژن سے

باقاعدہ سُنایا جارہا ہے۔

اسی صلے میں حکومت پاکستان نے سیّدہ اُم کلثوم کو تمغۂ امتیاز سے نوازا، اور ناظم اُستاد صاوی شعلان کو ایک سال کی دعوت پر پاکستان بُلایا ہے تاکہ مزید ترجمہ کر سکیں۔ ۱۹۵۰ء میں ہمارے تراجم کا مجموعہ کتاب "فلسفہ اقبال الاسلامیہ" کے نام سے قاہرہ کے مشہور ناشر عیسیٰ البابی الحلبی نے شائع کیا ہے، جس کے دوسرے ایڈیشن کی اشاعت کا مسلسل تقاضا کیا جارہا ہے یہ دونوں کتب عربی میں پہلی بار شائع ہوئیں جن کی ہر دلعزیزی کے سبب اب عربی میں اقبال کے اور بھی تراجم شائع ہو رہے ہیں۔

وذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء

محمد حسن الأعظمی
بانی سکریٹری جنرل
الاتحاد العالم الاسلامی

تعارف

از

سر شیخ عبدالقادر بالقابہ

چیف جسٹس بہاولپور، پنجاب

و

سابق مدیر رسالہ "مخزن" (۱۹۴۱ء)

تعارف

پروفیسر محمد حسن الاعظمی صاحب (عالم ازہر یونیورسٹی مصر و سابق پروفیسر قاہرہ یونیورسٹی) ہمارے ملک کے اُن چیدہ اصحاب میں سے ہیں جن کی شہرت وطن کی حدود سے بڑھ کر دور دراز بیرونی ملکوں تک پہنچی ہوئی ہے۔ آپ اعظم گڈھ (یو۔پی) کے رہنے والے ہیں، ہندوستان میں علوم مشرقی کی تحصیل کے بعد شوقِ علم انہیں کشاں کشاں مصر کو لے گیا، وہاں وہ جامعۂ ازہر میں مدارج علمی طے کرتے ہوئے قاہرہ کی مشہور مصری یونیورسٹی کے پروفیسر ہو گئے، اور انہوں نے زبان عربی میں یہاں تک دسترس حاصل کی۔ کہ اُن کی تحریریں وہاں کے اخباروں اور ادبی رسالوں میں مقبول ہونے لگیں۔ اس کے بعد انہوں نے بہت سی کتابیں عربی میں تصنیف کیں، جو نگاہِ پسندیدگی سے دیکھی گئیں۔ اُن کتابوں میں "شرح دیوان الامیر تمیم الفاطمی" سب سے زیادہ مشہور ہے۔ اس کتاب کو حکومت مصر نے ازہر و قاہرہ کی ہزار سالہ جوبلی کے جشن کے لئے

شائع کرنے کا تقاضہ کیا ہے

بعض کتابوں کے ذریعے آپ نے اہلِ مصر کو ہندوستان کے تاریخی اور دیگر حالات سے آگاہ کیا۔ پھر مصر کے حالات پر آپ نے اردو میں کتابیں لکھیں تاکہ دونوں ملکوں کو ایک دوسرے سے دلچسپی ہو اور یہ دلچسپی ادبی اور تجارتی تعلقات کی ترقی کا زینہ بنے۔

لغتِ عربی کے متعلق بھی آپ چند کتابیں لکھ رہے ہیں جن میں المعجم الأعظم یا عربی اردو لغات پانچ جلدوں میں ہوگی۔ اور دوسری اردو عربی لغات، اس کی بھی کئی جلدیں ہوں گی۔

ایک کتاب فلسفۂ اقبال پر عربی میں لکھی ہے جس کے ذریعے سے انہوں نے مصر کے ذی علم طبقہ کو اقبال سے روشناس کیا۔

ہندوستانی مدارس میں عربی کو ہر دلعزیز کرنے کے لئے سلسلہ القراءة الأعظمية، المكالمة الأعظمية اور مدارس العربية کے نام سے متعدد کتابیں شائع کی جاچکی ہیں۔ یہ کتابیں كلية اللغة العربية کے نصاب میں داخل کرلی گئی ہیں۔

اِن علمی خدمات کے علاوہ ایک بڑا کام جو اعظمی صاحب نے

انجام دیا ہے، وہ یہ ہے کہ انہوں نے مصر اور دیگر اسلامی ممالک کے علماء اور ادیبوں کے تعاون سے ایک عالمگیر جماعت مصر میں قائم کی ہے جس کا نام الاُخوّۃ الاسلامیّۃ ہے۔ اس جماعت کے سابق صدر مرحوم علامہ طنطاوی جوہری مفسّر قرآن اور موجودہ رئیس جناب ڈاکٹر عبدالوہاب عزام ایک مصری فاضل ہیں۔ جو مصری یونیورسٹی میں علوم شرقیہ کے صدر شعبہ ہیں۔ اور اس عالمگیر جماعت کے جنرل سکریٹری اعظمی صاحب ہیں۔ اس جماعت کے اکثر اراکین ہمارے ڈاکٹر سر محمد اقبال مرحوم کے مدّاح ہیں۔

اس جماعت کے صدر دفتر قبّۃ الغوری قاہرہ میں ہر ہفتہ علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال کے فلسفہ وخیالات کی تشریح وتوضیح پر مصری ادباء وعلماء لکچر دیتے ہیں۔ ان مجالس میں قابلِ رشک دلچسپی لینے والے ایک مصری ادیب الشیخ الصاوی شعلان ہیں، وہ عربی نظم خوب لکھتے ہیں۔ انہوں نے اقبال کے بہت سے اشعار کو عربی نظم کا جامہ پہنایا ہے۔ اقبال ہندی نژاد ہوتے ہوئے اور فارسی و اردو میں

ؔ آپ پاکستان میں مصر کے مختار سفیر رہ چکے ہیں۔

شعر کہنے کے باوجود عربی زبان اور عربی تہذیب و تمدن کا دلدادہ تھا جیسا اس کے مصرعہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ ع

عجمی خُم ہے تو کیا مے تو حجازی ہے مری

وہ اگر آج زندہ ہوتا تو یہ دیکھ کر کہ اس کا کلام عربی زبان کی وساطت سے عربوں میں پھیل رہا ہے بہت خوش ہوتا۔

اعظمی صاحب اپنی یونیورسٹی سے رخصت لیکر لیبیا کی جنگ سے کچھ عرصہ پہلے اس غرض سے ہندوستان میں آئے تھے کہ اپنی سوسایٹی کی شاخیں ہندوستان میں قائم کریں۔ اور اہل ہند سے دوستی پیدا کرنے کا جو شوق انہوں نے مصریوں میں پیدا کیا ہے، اس کا جواب ادھر سے بھی شروع ہو تاکہ یہ رابطہ دونوں ملکوں کو نفع بخشے۔ مگر اتفاق یہ ہوا کہ اُن کے آنے کے بعد جلد ہی جنگ کی شدت زیادہ ہو گئی اور بحری راستے بڑی حد تک مسدود ہو گئے۔ اس طرح انہیں دیر تک یہاں ٹھہرنا پڑا۔ ممکن ہے کہ انہیں اپنے وہاں کے فرائض کی زیادہ کشش ہو، لیکن اُن کا یہاں رہنا اُن مقاصد کے لئے جو اعظمی صاحب کے پیش نظر ہیں مفید ثابت ہو رہا ہے۔

اُنہوں نے حال ہی میں ایک کتاب لکھی ہے، جو ہے تو چھوٹی سی، مگر نہایت قدر کے قابل ہے۔ اس میں تھوڑی سی جگہ میں اقبالؔ مرحوم کا "فلسفۂ حیات و موت" وضاحت سے اور بہت موثر پیرائے میں بیان کیا گیا ہے اس کتاب کی یہ عجیب صفت ہے کہ یہ اُردو میں بھی ہے اور عربی میں بھی۔ نظم میں بھی ہے اور نثر میں بھی۔ اس عربی حصۂ نظم ونثر کی داد تو اہل زبان دے سکیں گے، مگر اس کی سلاست کی بابت اتنا کہا جا سکتا ہے کہ ہم کم علموں کو بھی عربی حصے کا مطلب سمجھنے میں زیادہ دشواری نہیں ہوتی ہے۔

ایک اور چیز جو اس ترجمہ کو دیکھ کر نظر آئی وہ یہ ہے کہ کئی جگہ اُردو میں جو مطلب ہمارے اقبالؔ نے ایک شعر میں ادا کیا ہے، اُس کو پوری طرح ادا کرنے میں عربی کے ناظم کو دو شعر لکھنے پڑے ہیں۔ یہ تو میرا ہمیشہ سے عقیدہ تھا کہ اردو میں دقیق مطالب کو عمدگی سے ادا کرنے کی صلاحیت ہے، اور وہ قدیم اور زیادہ ترقی یافتہ زبانوں کی خوبیاں پیدا کر رہی ہے مگر یہ نہیں معلوم تھا۔ کہ بعض اوقات اختصار کے لحاظ سے اُردو اُن سے بازی لے جا سکتی ہے۔ بشرطیکہ لکھنے والا ایسا باکمال ہو

جیسے اقبال تھا۔

شیخ الصاوی شعلان کے اشعار کے متعلق یہ اعتراف واجب ہے کہ وہ اردو اور فارسی اشعار کے مطالب کو صحیح طور پر ادا کرنے میں اچھی طرح کامیاب ہوئے ہیں۔

کلام اقبال کے کئی حصے، انگریزی، فرانسیسی، جرمن اور اطالوی زبانوں میں ترجمہ ہو چکے ہیں لیکن دنیائے اسلام کے اہم ترین حصص عربی بولنے والی قوموں سے پُر ہیں۔ اس لیے اُن تک اقبال کے پیغام حیات کا پہنچنا بہت اُمید افزا ہے۔

اقبال کے ترانۂ ملی کا منظوم عربی ترجمہ بھی اس کتاب میں درج کیا گیا ہے، یہ ترجمہ نہایت دلکش ہے۔ ان کا ملکی ترانہ اور ملی ترانہ دونوں اپنی جگہ لاجواب ہیں۔ ملکی ترانہ لکھنے کا خیال میں نے اُن کے سامنے پیش کیا تھا۔ اور اُن سے یہ کہا تھا کہ جیسے انگریزوں کا نیشنل گیت ہر موقع پر گایا جاتا ہے اور فوجی باجے کے ساتھ بجایا جاتا ہے، ایسی کوئی نظم ہمارے ہندوستان کے لیے ہونی چاہیے، وہ سنتے ہی سوچنے لگ گئے اور اُن کی زبان سے یہ مصرعہ نکلا: ؎

ی تنظیم اتحاد العالم الاسلامی
بیسویں سال کے پہلے
ر لیتے ہیں۔ آفتاب اقبال صاحب
نے والد کا کلام سنا رہے ہیں۔
پروفیسر محمد حسن الاعظمی
سکریٹری جنرل)
ترجمہ کر رہے ہیں۔
طرف شاعر ازہر
ح صادی شلان
نیر پاکستان و ...
ر اظہار مسرت کر رہے ہیں

"سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا"

میں نے کہا بہت خوب ہے اب اس نظم کو مکمل کر دیجئے۔ ایک دو دن بعد وہ نظم مکمل ہو گئی، اور اس قدر مقبول ہوئی کہ کوئی نیشنل مجمع ایسا نہ تھا جس میں وہ گائی نہ گئی ہو۔ اس کی قبولیت کو دیکھ کر بعض اور دوستوں کو یہ خیال آیا کہ اقبال سے کہیں کہ جیسا گیت ہندوستان کے لئے لکھا ہے، ویسا ہی دنیائے اسلام کے لئے لکھا جائے۔ اقبال کیلئے یہ تجویز اور بھی دلپذیر ثابت ہوئی، اور ترانۂ ملی نظم ہو گیا۔ جس کا مطلع ہے:

چین و عرب ہمارا ہندوستاں ہمارا
مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا

معلوم نہیں ان دو مصرعوں میں کتنی تاثیر ہے کہ یہ شعر اب بیرونی ملکوں میں جہاں کہیں مسلمان ہیں مقبول ہو گیا ہے۔

دیکھئے یہ شعر عربی لباس میں کیسے سجا ہے

اَلصِّینُ لَنَا وَالعَرَبُ لَنَا ، وَالھِندُ لَنَا وَالکُلُّ لَنَا
أضحی الاسلام لنا دیناً وجمیع الکونِ لنا وطنا

عربی کے استاد نے بحر بھی خوب چنی ہے جو فوجی باجے کے ساتھ
بہت بھلی معلوم ہوگی۔ اعظمی صاحب بتلاتے ہیں کہ مصر اور عراق کے بعض
مدارس میں لڑکے جھوم جھوم کر یہ ترانہ پڑھتے ہیں، اور یہ عالمگیر جماعت
"الاخوۃ الاسلامیہ" قاہرہ کا خاص ترانہ مقرر کیا گیا ہے، جو تقریباً تمام
دنیائے اسلام میں منتشر ہو چکا ہے۔

ان چار مصرعوں میں جو میں نے عربی ترجمے سے نقل کئے ہیں، میرے اس
قول کی تصدیق بھی ہوتی ہے کہ اردو کے دو مصرعوں کا مطلب چار مصرعوں
میں سمایا ہے، لیکن ازرہِ انصاف ہمیں یہ بھی تسلیم کرنا چاہیے کہ چھوٹی بحر
کی وجہ سے دو مصرعوں سے کام نہیں نکلتا تھا اور ساتھ ہی اس آزاد ترجمہ
میں ایک دو خوبیاں اردو سے بڑھ کر پیدا کی گئی ہیں۔ مثلاً "والکلُّ لنا"
نے اس مصرعے کے مضمون کو بلند تر کر دیا ہے، اور "اضحی الاسلام لنا دینا"
میں بھی ایک شان ہے جو اردو میں اس قدر خوبصورتی سے نہیں ادا ہوئی
تھی۔ گو ہندوستان کے شاعر نے "مسلم ہیں ہم" کہتے ہوئے بہت کچھ
کہہ دیا تھا۔

یہ کتاب اپنی طرز کی ایک نرالی چیز ہے اور امید قوی ہے کہ یہ

برِّ صغیر اور مصر دونوں ملکوں میں مقبول ہو گی، بلکہ جہاں کہیں عربی بولی یا سمجھی جاتی ہے، وہاں اقبال کے پیام کا یہ حصہ اس کے ذریعے پھیل جائے گا، کہ مسلمان کا خاصہ ہے کہ موت سے نہ ڈرے اور موت کو زندگی کی ایک آئندہ منزل کا راستہ سمجھے، اور اس کا عمل یہ ہو کہ موت زلیست اور زیادہ پائیدار زلیست کا ذریعہ ہے۔ اقبال نے اپنی جوانی کے اردو کلام میں یہی بلند خیال ایک سہل ممتنع مصرعے میں یوں ادا کیا تھا: ع

"جسے مرنا نہیں آتا، اُسے جینا نہیں آتا"

عبدالقادر

مُقَدَّمَة

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله حمداً كثيراً مباركاً فيه كما يحب ربنا ويرضى والصلوٰة والسلام على سيدنا محمد القائل فيه ربه و لسوف يعطيك ربك فترضى، وعلى آله وصحبه وتابعيه الى يوم الدين۔

وبعد فقد ألقى حضرة العلامة الدكتور رضى الدين الصديقي الاستاذ بالجامعة العثمانيه بحيدرآباد دكن محاضرة باللغة الأردية عن فلسفة الحياة والموت فى نظر المغفور المرحوم الدكتور محمد اقبال الشاعر الاشهر و

ما وصلت هذه المحاضرة إلى حضرة الاستاذ الشيخ
محمد حسن الاعظمى الذى كان اذ ذاك مدرسا بالجامعة
المصرية بالقاهرة حتى قام بترجمتها إلى اللغة العربية
باسلوب رائع فاعجب بها الازهريون والمصريون المثقفون
ونشرت فى كبريات الجرائد اليومية والمجلات الاسبوعية
والاستاذ الشيخ محمد حسن الاعظمى شديد الذكاء
قوى الارادة جرئ قوى الايمان شديد الثقة بنفسه كاتب
خطيب من أكبر دعاة الجامعة الأسلامية الحقة ولما ذهب
إلى مصر وانخرط فى سلك الطلبة بالجامع الازهر الشريف ورأى
بفراسته أن تربة مصر هى التربة التى يرجوها لتحقيق دعوة
الوحدة الاسلامية أخذ يبث دعوته بين الطلبة والعلماء
فأجابوه وتعرف بالعظماء والوزراء فأحبوه وأجلوه فلما استوثق
من النجاح دعا (وهو ذالك الطالب الهندى) إلى تاليف
جمعية باسم الاخوة الاسلامية فتألفت برياسة الاستاذ
الجليل الدكتور عبد الوهاب بك عزام الاستاذ بالجامعة

المصرية ورئيس القسم الشرقي فيها وسرعان ما انضم اليها
فطاحل العلماء والوزراء كالمرحوم الاستاذ الشيخ طنطاوي
جوهري وفضيلة الشيخ صاحب المعالي مصطفى باشا
عبد الرزاق وكان هذا وزيرا الأوقاف فمنح الجمعية مكانا له
عظمته في وسط القاهرة فعظمت الجمعية وانتخب
أعضاؤها الاستاذ الاعظمي سكرتيرا عاما فاذا ذهبت الى
مقر الجمعية ترى جمعية الأقوام الاسلامية التي تضم
المصري والهندي والصيني والجاوي والتركي وغيرهم من
سائر الأقطار الاسلامية وكلهم كأسرة واحدة. الامر
الذي كان يسعى الى تحقيقه السيد جمال الدين الافغاني
ولم يتحقق الاعلى يد هذا الازهري الهندي الشيخ الاعظمي
ثم ماذا؟ طمح الشيخ الاعظمي الى شئ له قيمته فسعى
سعيا حثيثا بمساعدة من عرفهم من العلماء والأدباء
حتى جعل اللغة الاردية من اللغات التي تدرس
بالجامعة المصرية التي عينته أستاذا لهذه اللغة و

ادابها۔ ولهذ ازاد الصاله باساتذة الجامعة مثل الاستاذ
الدكتور طه حسين بك والاستاذ عبد الحميد عبادى
والاستاذ احمد امين والاستاذ الدكتور حسن ابراهيم
وغيرهم كثير من الذين عرفوا نبوغه فاحبوه واجلوه
وقد اخذ عنه اللغه الاردية الاستاذ الدكتور عبد
الوهاب عزام والاستاذ الصاوى شعلان الذى حول
الاشعار الادارية فى الحياة والموت الى اللغة العربية۔
نال الاستاذ الاعظمى شهادة العالمية من الجامعة
الازهرية بتفوق غبطه اهل اللسان العربى عليه ولة
مولفات شتى بعضها موضوع و بعضها مترجم منها ما تم
طبعه ومنها ما هو تحت الطبع كما ان بعضها بالعربية
والاردية وبعضها بالعربية مثل شرح ديوان الامير
تميم الفاطمى وبحث فى الشيعة ومحاضرات عن
مصر والقراءة الاعظمية والمكالمة الاعظمية وجامع
القواعد و مدرس العربية ومبادئ اللغة العربية والرسائل

الاعظمية والمعجم الاعظم وفتى الهند وغيرها.
ولايتكلمون الا باللغة العربية الفصيحة التى تطاوعه
ألفاظها وتأتى اليه طائعة معانيها. يؤتى الحكمة من
يشاء ومن يوت الحكمة فقد أوتى خيرا كثيرا. هذا و
يحسن بنا قبل أن نختم هذه العجالة أن ننوه بما تضمنته
فلسفة الحياة والموت لاسيما اثناء هذه الحرب الطاحنة من أن
ذلك سيفيد المسلمين عموما وشبابهم خصوصا و
قد شعر بهذا طلاب الازهر من الاقطار الاسلامية فترجموا
الى لغاتهم المختلفة ونشروها فى جميع أنحاء العالم
الاسلامى. وهذا ولاشك سيكون سببا فى توثيق
عرى الوئام بين المسلمين جميعا. ولعل هذا الكتاب هو الاول
فى بابه من انه جاء للمسلمين كافة وخلد ذكر منشئه وهو
الدكتور المرحوم محمد اقبال ونرجو أن ينسج كثير من
اخواننا المسلمين خصوصا المصريين على منواله حتى يتم
الاخاء بين الجميع وليصبح المسلمون مع بعد الشقة كأسرة

واحدة اذا تألم عضو منها تألم لاجله بقية الاعضاء نسأل الله أن يجزى المسبب فى بث هذا المبدأ السامى بيننا وهو فضيلة الاستاذ الشيخ محمد حسن الأعظمى سدد الله خطاه وأبلغه ما يتمناه انه قريب مجيب ؛

محمد رزق المصرى

من علماء الازهر

(نزيل لاهور)

تصدير الكتاب

بقلم الدكتور عبد الوهاب عزام رئيس جماعة الأخوة الإسلامية مصر

محاضرة ألقاها في حفلة لتأبين إقبال في الهند باللغة الأردية الدكتور رضي الدين الصديقي (رئيس قسم العلوم الطبيعة بالجامعة العثمانية بحيدر آباد دكن[1]) وترجمها إلى العربية الأستاذ محمد حسن الأعظمي الهندي، ونظم أبياتها الشيخ الصاوي شعلان.

ويرى فيها القارئ أمثلة بينة عن آراء "إقبال" في الحياة والموت، والجهاد والاستكانة، وصوراً من فلسفته التي جعل محورها "الذاتية" وحشد لتوضيحها كثيراً من بدائع الفكر والشعر، وعبر التاريخ والحياة، ولعلها فاتحة لامتاع قراء العربية بقطع رائعة من فلسفة،

[1] هو الآن مدير جامعة اسلام آباد عاصمة باكستان، خودي

إقبال وشعره؛ ولاريب أن القوة والأمل فى هذا الشعر يملأنهما أن أحوالنا التى تقتضى كل إنسان ما فى فطرته من إيمان وعزم وجهاد وصبر.

والذى قرأ شعر "إقبال" بالأردية والفارسية وعانى ترجمة الشعر نظماً يعجب كل الإعجاب بمقدرة المترجمين، و يشهد أنهما أصابا بالتوفيق فى هذا العمل الجليل.

وستنشر جماعة الأخوة الإسلامية بمصر (المؤلفة من جميع الأقطار الإسلامية) عما قليل كتاباً يتضمن كثيراً من فلسفة إقبال وشعره. يشترك فى تأليفه جماعة من الأدباء المعجبين بهذا الفيلسوف الشاعر الإسلامى الخالد.

عبد الوهاب عزام

(الأستاذ بالجامعة المصرية القاهرة)

پرنسپل كلية اللغة العربية (ازهر)

رئيس مركز جماعة الأخوة الإسلامية لقية الغورى القاهرة

اقبال کے متعلق

"اقبال نے اگرچہ شمع مسلمانوں کے دروازہ پر رکھ دی ہے
لیکن دوسرے لوگ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔"

ایک ہندو لیڈر

"اقبال کو نہ گورنمنٹ نے سمجھا، نہ قوم نے، کیونکہ اگر
گورنمنٹ سمجھتی تو بغاوت کے الزام میں اُسے جزیرۂ
انڈیمان بھیج دیتی، اور اگر قوم سمجھتی تو بغاوت کردیتی۔"

سید حبیب
مدیر سیاست

الكتابُ الاوّل

فی

فلسفة الحياة والموتْ

یعنے

کتاب اوّل

اقبال کا فلسفۂ حیات وموت

فلسفة الحياة والموت

كانَ شبحُ الموتِ المخيفُ الرّهيبُ يبدُو أمام النّاسِ جسيماً عظيماً، وبقدر ما كانت جسامتُه و خطرُه كانَ يبدُو في عين "اقبال" ضئيلاً مثلاً شيئاً لعلّه كانَ يري أنّ العقبةَ الكؤودَ في طريقِ رُقيّ المسلمين هي مخافةُ الموتِ ووجدَ أنّ خوف الموت معناه أمرٌ واحدٌ وهو ترجيح حياة الذلّة والعبوديه على موت الشرف والكرامة فحاول أن ينتزع هذا المرضَ النفسي من صدورِ أهل الاسلام مُبيّناً أنّ خوفَ الموت والايمان لايجتمعان في قلب واحد وأنّ الذين تسنّموا غارب العزّة والشرف هم الذين حملوا رؤوسهم على أكفهم في ميدان الكفاح لاتنخلع قلوبهم فرقاً ولا ترتعش عزائمهم

فلسفۂ حیات و موت

اقبالؔ علیہ الرحمہ نے اپنی بیمار قوم کی حالت پر نظر ڈال کر معلوم کر لیا کہ جو کہنہ امراض قوم کو اندر ہی اندر کھائے جا رہے ہیں اُن میں ایک خطرناک مرض موت کا وہ ڈر ہے جو ہر کس و ناکس کے دل و دماغ پر چھایا ہوا ہے۔ یہ "خوفِ مرگ" وہ بلا ہے، کہ اگر یہ کسی قوم کو لگ جائے تو وہ قوم عزت اور آزادی کی موت پر بے عزتی اور غلامی کی زندگی کو ترجیح دیتی ہے اور پھر وہ پستی اور ذلت کے سب سے بڑے گڑھے میں گر جاتی ہے، جہاں اُس کو اغیار کی ٹھوکروں کے سوا کچھ نصیب نہیں ہوتا، اقبالؔ نے اس خوف و ہراس کے خلاف مسلسل جہاد کیا ہے، اور بارہا یہ نکتہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ اگر ہم بہ حیثیت ایک قوم کے زندہ رہنا چاہتے ہیں تو ہمیں موت سے ذرہ برابر بھی نہیں ڈرنا چاہیئے۔ انفرادی اور اجتماعی تاریخ

جبناً وإنما يقبلون على الموت إقبالهم على العرس مؤمنين بالفوز في الدنيا والسعادة بلقاء الله "قل هل تربصون بنا إلا إحدى الحسنيين" فإما النصر وإما موت فيه الفخر"

ثم يذكرنا بأسلافنا الماضين الذين ملكوا الممالك وأدالوا الدول، ووطئت خيولهم القلاع والحصون وما اشتروا هذا المجد إلا بدمائهم، فهو في قصيدته الشكوى يذكرنا بهذه الحقيقة في جلاء حيث يقول:

فوق الصوامع والكنائس صوتنا
قد كان يعلو بالأذان جهارا
تترنم الصحراء في إفريقيا
بصلاتنا وتسابق الأطيارا
كنا نقدم للسيوف صدورنا
لم نخش يوماً غاشماً جبارا
وكأن ظل السيف ظل حديقة

10371

کا مطالعہ کریں تو ہم دیکھیں گے کہ وہی شخص یا وہی گروہ کچھ نمایاں کام کر گیا ہے جس کا دل موت کے خوف سے بالکل مبرا ہے۔ ظاہر ہے کہ کسی انسان کی جسمانی زندگی پر سب سے بڑی مصیبت جو وارد ہو سکتی ہے وہ موت ہے اور اگر کوئی شخص اسی کو خاطر میں نہ لاتا ہو تو پھر اسکی زندگی کی گہرائیوں اور بلندیوں کی انتہا نہیں

اقبال ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ ہمارے اسلاف نے مشرق و مغرب پر اپنا سکہ بٹھا دیا اور انسانی تہذیب و تمدن کے ہر شعبہ میں حیرت انگیز ترقیاں کیں، تو اس کی بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ وہ خوف کے احساس سے پاک تھے اور اپنی مہموں میں سر کو ہتھیلی پر لئے پھرتے تھے چنانچہ "شکوہ" میں فرماتے ہیں:

تھے ہمیں ایک ترے معرکہ آراؤں میں
خشکیوں میں کبھی لڑتے کبھی دریاؤں میں
دیں اذانیں کبھی یورپ کے کلیساؤں میں
کبھی افریقہ کے تپتے ہوئے صحراؤں میں
شان آنکھوں میں نہ جچتی تھی جہانداروں کی
کلمہ پڑھتے تھے ہم چھاؤں میں تلواروں کی
ٹل نہ سکتے تھے اگر جنگ میں اڑ جاتے تھے

خضراءَ تُنبِتُ حولَنا الأزهارا

ثُمَّ يقولُ:

لو فُرِّقَتِ الأجسادُ في آلامِها　　لم يلقَ غيرَ ثباتِنا الميدانُ
وكأنَّ نيرانَ المدافعِ في صدو　　رِ المؤمنينَ الرَّوحُ والريحانُ

ويصفُ ذلكَ المسلمَ الذي ينطلقُ كالسهمِ النافذِ إلى العدوِّ بعدَ أن يكبِّرَ تكبيرةَ الجهادِ في الميدانِ يقولُ:

ذلكَ المؤمنُ المجاهدُ يغشى　　غمرةَ الحربِ والردى يخشاهُ
تحتَ ظلِّ السيوفِ ما من قويٍّ　　درعُهُ لا إلهَ إلّا اللهُ

ويبيِّنُ لنا بعدَ ذلكَ أنَّ الحالةَ قد تغيَّرتْ، وأنَّ سُنَّةَ الأقوامِ قد تبدَّلتْ، واستحكمَ الجبنُ في قلوبِ الكثيرينَ من المسلمينَ وأصبحتْ وجوهُهم تصفرُّ اصفرارَ الشمسِ عندَ الأصيلِ إذا ذُكِرَ الموتُ أو الحربُ. ثُمَّ يخاطبُ الذينَ يمنعونَ الجهادَ، وبيَّنَ لهم أنَّ واعظَكم أصبحَ في المساجدِ غيرَ نافعٍ للأمَّةِ ولا مُغنٍ عنها في حياتِها الحاضرةِ شيئًا:

لم يبقَ في يدِ مسلمٍ درعٌ ولا

پاؤں شیروں کے بھی میداں سے اکھڑ جاتے تھے
تجھ سے سرکش ہوا کوئی تو بگڑ جاتے تھے
تیغ کیا چیز ہے؟ ہم توپ سے لڑ جاتے تھے

ایک مردِ مسلمان کا یہ حال تھا کہ میدانِ کارزار میں نعرۂ تکبیر لگا کر مقابلہ کے لئے کود پڑتا تھا۔

مرد سپاہی ہے وہ اس کی زرہ لا الہ
سایۂ شمشیر میں اس کی پنہ لا الہ

یا اب یہ حال ہے کہ موت کے اندیشہ سے ہمارا دل کانپتا رہتا ہے۔ اور ہمارا جسم ہلدی کی طرح زرد ہو جاتا ہے۔ اس خوف سے ہم اس قدر مغلوب ہو گئے ہیں کہ اگر زمانہ کے انقلاب نے ہمارے افراد کو شاہی کی بجائے خاکبازی پر مجبور کر دیا ہے۔ تو ہمارے مرشدان خود بیں قوم کو اپنی بے بسی کی طرف توجہ دلانے کی بجائے فتویٰ دے رہے ہیں کہ یہ زمانہ ہی ایسا ہے کہ اسمیں اب تلوار کی ضرورت نہیں رہی جناب شیخ سے اقبال عرض کرتے ہیں کہ مسجد میں اب آپکا یہ وعظ غیر ضروری ہے کیونکہ:-

"تیغ و تفنگ دستِ مسلماں میں ہے کہاں"

سيف يصول به ليوم جهاد

ولو أنه وجد السيوف فهل له

ذوق الخلود وحب الاستشهاد

من كان يجزع من منيته كاثر

هل يستطيب مصارع الأمجاد

إذا كان المرء مخلصًا لله حق الإخلاص وإذا كان واثقًا بأن الموت ليس إلا العقبة الأولى التي يجتازها المرء إلى الحظيرة الأبدية والمتعة بلقاء الله - أقول إذا كان الإيمان هكذا فلا محل لخوف الموت أما أولئك المضطرون الخائفون فهم شاكون في لقاء الله وفي الخلود ثم هم يعبدون المال ويؤثرون الحياة الدنيا ويظنون أن هذه الحياة المادية هي المرحلة الأخيرة للسعادة كذلك يخشون أن يموتوا فيحرموا.

وإقبال يحكم على هؤلاء بأنهم فقراء وأن نارهم لا تساوي التراب وهم على كل حال سيموتون طوعًا أو كرهًا.

ہوں بھی تو دل ہیں موت کی لذّت سے بے خبر
کافر کی موت سے بھی لرزتا ہے جس کا دل
کہتا ہے کون اُسے کہ مسلماں کی موت مر

(اور اسی مضمون کو اکبر الہ آبادی مصوّرِ قومیات اس طرح ادا کر گئے ہیں:
گوشۂ مسجد میں کار شیخ اب بنتا نہیں — پیٹ کو تسکین پاتا ہے مگر تنتا نہیں)

اقبال متعدد موقعوں پر مختلف پیرایوں میں یہ نکتہ سمجھاتے ہیں کہ موت کا ڈر صرف اُن ہی لوگوں کو ہو سکتا ہے جو اس کو فنا کے کامل سمجھتے ہیں، اور آخرت پر یقین نہیں رکھتے۔ لیکن جو لوگ موت کو آئندہ زندگی کا پیش خیمہ سمجھتے ہیں اُنہیں مرنے کی کچھ پرواہ نہیں ہوتی۔ دنیائے اسلام کا سب سے بڑا فتنہ یہی ہے کہ جن کی حیات اور موت خدا کے لئے ہونی چاہئے تھی، وہ یا تو مال و زر کی محبت میں گرفتار ہیں یا موت کے خوف سے پریشان۔

ع

آں کہ بُود اللہ اورا ساز و برگ
فتنۂ اُو حبِّ مال و ترسِ مرگ

المرءُ من الحقّ كان اللهُ غايتَهُ   واللهُ كانَ لديهِ السمعَ والبصرا
والآنَ أضحى إلهُ المالِ كعبتَهُ   وخوفُهُ الموتَ أنساهُ وما شعرا

سيّانِ في الشركِ هذا عابدٌ ذهبًا
يسعى إلى جمعِهِ أو عابدٌ حجرًا
يا مؤمنًا بلقاءِ اللهِ ما لكَ في
ذُعرٍ من الموتِ قد أشبهتَ من كفرا
قد عادَ قلبُكَ ميتًا بين أضلعِهِ
كأنّهُ في حنايا الصدرِ قد قُبِرا
من كان يحسبُ أنّ الموتَ هاويةٌ
وأنّهُ عدمٌ يستأصلُ البشرا
فنارُ آمالِهِ ينحطُّ عنصرُها
إلى الترابِ ويلقى الموتَ محتقرًا

لمّا كان سمُّ الموتِ ساريًا في كلِّ الدماءِ البشريّة
فقد حاولَ إقبالُ أن يوجدَ من السمِّ نفسِهِ ترياقًا،

ہمچو کافر از اجل ترسندۂ

سینہ اش فارغ ز قلب زندۂ

مرگ را چون کافراں داند ہلاک

آتش او کم بہا مانند خاک

غرض اقبالؒ کو جب یقین ہو جاتا ہے

کہ موت کے خوف کا یہ زہر ہمارے خون میں

كيف استطاع أن يصل بمهارة إلى استخلاص هذا الدواء العجيب؟ إنه عمد إلى تذكيرنا بأن الموت أمر محتوم وأن لكل إنسان أجلاً محدوداً، وإذا كانت هذه النهاية قضاءً نافذاً في الخلائق، فالخوف منها لا يجدي فتيلاً، ومحاولة الفرار مع كونها جبناً وانحطاطاً في الوجدان مخالفة لحكم العقل وصواب التفكير أيضاً. فالعاقل لا يفكر في النجاة من القضاء المبرم، كما لا يفكر في أن ينفذ من أقطار السموات والأرض، وهو في هذه الحالة إلى الجنون أقرب وبالمجانين أشبه. ولهذا عرض لنا عدة صور تمثل فناء هذا الكون، وهي صور من حوادث الطبيعة تحمل إلينا فناءً بديعاً في منظرها الرهيب المخيف وتذكرنا عند مطالعتها بعوالم السماوات والأرض جميعاً في طريقها إلى الانتقال أو الزوال، تعالج فينا خوف الموت تنبهنا من غفلتنا وترفع عن أعيننا أغشية الغرور والركون إلى زهرة الدنيا وفتنتها.

ہدایت کر چکا ہے تو اُس کے اثر کو زائل کرنے کے لئے وہ مختلف تریاق استعمال کرتے اور ہر طرح ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کہ موت سے ہمیں کوئی ڈر نہ ہونا چاہیئے۔ اس ضمن میں وہ سب سے پہلے موت کے عالمگیر، اور اٹل ہونے کی طرف ہماری توجہ مبذول کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ جب موت سے کسی طرح مفر نہیں تو پھر اُس سے ڈرنا بے سود ہی نہیں، بلکہ خلافِ عقل بھی ہے۔ جو چیز آج نہیں تو کل آنے والی ہو، اُس سے بھاگ کر کہاں جائیں؟

ہر جاندار کے لئے موت کا ایک دن مقرر ہے اور کائنات کی ہر شے کبھی نہ کبھی فنا ہوگی۔

تحت نور الأفلاك عيش جميل
وأرى النور ينطق ويجول
وعلى كاهل المساء ترى للشم
س نعشا بكى عليه الأصيل
في سنا البدر للكواكب أكفا
ن توارى بها الشعاع النحيل
بينما هذه الجبال حصون
وإذا صخرها كثيب مهيل
وتقيم الأمواج في البحر أبرا
جا ومن أوجها الرفيع تزول
ورياح الخريف يكمن للزهـ
ـر هشيما وقد طواه الذبول
ليس زاد المسافرين سوى الخو
ف من الموت والحياة رحيل

بہ گردون مقام دلپذیر است
ولیکن مہر و ماہش زود میر است

بدوش شام نعش آفتابے
کواکب را کفن از ماہتابے

پر دکہسار چون ریگ روانے
دگرگون می شود دریا بہ آنے

گلان را در کمین باد خزان است
متاع کاروان از بیم جان است

رُبَّ لحنٍ فاقَ البلابلَ سحرًا
في ضميرِ الأوتارِ ماتَ جنينا
شررُ النارِ قبلَ أن يبلغَ المهدَ
توارى تحتَ الرمادِ دفينا

قطراتُ الندى على الوردِ تجري
لؤلؤًا سائلًا على مرجانِ
لم تكد تسعدُ النواظرُ حتى
بدّدَ الريحُ شملَها في ثوانِ

إنَّ كأسَ الردى تطوفُ على الدنـ
ـيا وتسقي أبناءَها أجمعينا
وبلا موعدٍ ودونَ انتظارٍ
تبعثُ الأولينَ والآخرينا
عالمُ الكونِ كلُّهُ عالمُ المحـ

نوا ناشنیده در چنگے بمیرد
شرر ناجسته در سنگے بمیرد

ز شبنم لاله را گوهر نماند
دمے ماند دمے دیگر نماند

فنا را بادهٔ هر جام کردند
چه بے دردانه او را عام کردند
تماشاگاه مرگ ناگهان را
جهان ماه و انجم نام کردند

والذي فيه مصرع العالمينا

وقد حاول أن يبعد من النفوس استسلامها إلى الدنيا وإخلادها إلى نعيمها الزائل، ودعانا إلى الحذر منها والاحتياط فيها، فقدم هذا التشبيه الرائع في هذه الأبيات-

مثل الحياة كطائر مترنم
غنى فأرقص حوله الأزهارا
ما كان أعذب لحنه لكنه
كالحلم حلق في الفضاء وطارا

لا يعلم الإنسان كيف أتى إلى
دنيا المتاعب أو متى يترحل
ما نحن في الأكوان إلا دوحة
أوراقها عما قليل تذبل

موت کے ہیر پھیر اور دنیا کے دوروزہ ہونے کیلئے ذیل کے اشعار میں نفیس تشبیہیں دی ہیں :-

زندگی انساں کی ہے مانندِ مرغِ خوش نوا
شاخ پر بیٹھا کوئی دم چہچہایا اُڑ گیا

آہ کیا آئے ریاضؔ دہر میں ہم کیا گئے
زندگی کی شاخ سے پھوٹے کھلے مرجھا گئے

يا أيها الحرص ابكِ في الدنيا دماً
دنياك ليس بها لحيٍّ منزلُ

إن الحياة شرارة لم تبتسم
إلّا لتجعلنا لها أحطابا
في عرس دنيانا مآتم للردى
تطوي شيوخاً في البلاد وشبابا

والمرء لم يبرح أسيراً حائراً
ما بين سرّ الأمس أو لغز الغدِ
إن الحياة على الأنام بخيلةٌ
بدوامها والعيش غير مخلّدِ
الموت فيها هيّنٌ كنسيمها
والعيش أصعب من منال الفرقدِ

اے ہوس! خوں رو کہ ہے یہ زندگی بے اعتبار
یہ شرارے کا تبسم، یہ خسِ آتش سوار

(جیسا کہ حضرتِ ذوق نے فرمایا ہے:-
کیا اعتبار ہستیِ ناپائیدار کا   چشمک ہے برق کی کہ تبسم شرار کا)

آہ! یہ دنیا، یہ ماتم خانۂ برنا و پیر
آدمی ہے بس طلسمِ دوش و فردا میں اسیر

کتنی مشکل زندگی ہے، کس قدر آساں ہے موت
گلشنِ ہستی میں مانندِ نسیم ارزاں ہے موت

اللهُ تعالى هُوَ المُتفرِّدُ بالبقاءِ وجميعُ العالمِ
لابُدَّ أن يفنى، وتفسيرُ حُلمِ المَوتِ جرى في
حياةِ الملوكِ والصعاليكِ والعظماءِ والسُّوقةِ
أمّا خُلودُ الإنسانِ فهُوَ مِن تقديرِ اللهِ في
الأزلِ إلّا أنّ هذا الهيكلَ الترابيَّ الناقِصَ
لابدَّ أن يمرَّ عليهِ الموتُ، ولابُدَّ أن يمُرَّ
الإنسانُ من هذا العالمِ المملوءِ بالحوادثِ
التي لم تترُكْ صحراءَ ولا مدينةً، ولم
ينجُ منهُ برٌّ ولا بحرٌ، وفي ذلكَ يقولُ:

الرّعدُ والبروقُ والزلازلُ
والقحطُ والآلامُ والنّوازلُ
بناتُ دُنيانا التي لا تلِدُ
إلّا خُطوبًا جمرُها متقِدُ
في الكوخِ والقصرِ وفي الصّحراءِ
والمُدُنِ المنيعةِ الشّمّاءِ

جب یہ معلوم ہوگیا کہ غنیم موت کی یورش کبھی ٹل نہیں سکتی۔ اور موت ہر شاہ و گدا کے خواب کی تعبیر ہے تو پھر اس کا ڈر ہی کیا اور اس سے بھاگ کر کہاں جائیں۔

اس حقیقت پر پہنچ جانے کے بعد اقبال اب اس راز کا انکشاف کرنا چاہتے ہیں کہ خدا نے اس کائنات کو فانی بنایا ہی کیوں؟ اور انسان کو اس رنج و غم میں مبتلا ہونے پر مجبور کیوں کیا ہے؟

باری تعالیٰ خود غیر فانی ہے، پھر اس کی قدرت سے کیا بعید تھا کہ وہ اس دنیا کو اور اس کے ساتھ انسان کو بھی غیر فانی بناتا؟ اس کا جواب اسطرح دیتے ہیں کہ یہ دنیا اور آدم خاکی ابھی ناتمام ہیں یہ پختہ اسی وقت ہوتے ہیں جب موت کی آگ میں سے ہو کر نکلتے ہیں موت کا سوہان ہمارے اس ناتمام پیکر خاکی کو ہموار کرتا ہے۔

زلزلے ہیں، بجلیاں ہیں قحط ہیں آلام ہیں
کیسی کیسی دختران مادر ایام ہیں
کلبۂ افلاس میں، دولت کے کاشانے میں موت
دشت و در میں شہر میں گلشن میں ویرانے میں موت
موت ہے ہنگامہ آرا قلزم خاموش میں
ڈوب جاتے ہیں سفینے موج کی آغوش میں

وفي رياض البلبل الرنان
وفي تلال البوم والغربان
يقتحم الموت بجيش القدر
حصونه فتخفو ويطش القيصر
إذا رأيت الموج في البحر سكن
فالموت كامن لإغراق السفن
لا نغم العود ولا شكوى الحزين
ولا ابتسام البشر أو دمع الأنين
ولا امتشاق السيف بين النازعين
ولا صدى التكبير بين الهاتفين
يعيد نبض القلب في الصد الخراب
أو يرجع النفس إذا حان الذهاب

تعد هذه الصور الشعرية التالية فخرا
لكل لغة نغما شجيا لكل لسان، فهو يوضح لنا
أن الآلام لابد منها لتمحيص الإنسانية، وعلى

رتبۂ فغفوری ہو دنیا میں کہ شانِ قیصری
ٹل نہیں سکتی غنیمِ موت کی یورش کبھی
شورشِ بزمِ طرب کیا، عود کی تقریر کیا
دردمندانِ جہاں کا نالۂ شب گیر کیا
عرصۂ پیکار میں ہنگامۂ شمشیر کیا
خون کو گرمانے والا نعرۂ تکبیر کیا

اب کوئی آواز سوتوں کو جگا سکتی نہیں
سینۂ ویراں میں جانِ رفتہ آ سکتی نہیں

رنج و غم انسانی فطرت کی تکمیل کے لئے
ضروری ہیں کوئی نقش اُس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا
جب تک اس کے رنگ میں خونِ جگر کی آمیزش نہ ہو۔ وہ بلبل

نرا انها تنضج الارواح القوية، ولا يمكن الوصول إلى الأفراح إلا بعد الأحزان، ولا تنقش الحكمة على القلب إلا بجروف من دمه، والبلبل الذى لم يعرف قسوة الخريف لا يحسن استقبال الربيع، والآلام هى الطريق إلى النور والدرجات العالية فى معراج العظمة والذى لم يعرف أنين المساء، والعاشق الذى حرم فى هواه من حسرة جواه، وقاطف الزهر الذى حافظ على يده سليمة من الشوك، والذى قضى طول عمره فى الرفاهية والترف، لم يكدح فى تحصيل علم ولم يكد فى اقتناء فن واحياء عبقرية اولئك جميعا محرومون إلى الأبد من الإحاطة بكنوز أسرار الحياة استخلاص الذهب من مناجمه العميقة.

يقدم لك هذه الأمثال الجميلة فى هذه القصيدة

إن كانت الحياة خمرا صافيا

ليغمرنا من رأسنا إلى القدم

ہی کیف جس نے کبھی خزاں نہ دیکھی ہو، وہ نغمہ ہی کیا جسمیں نالہ کی چاشنی نہیں۔ غم کے داغوں سے ہمارے سینے منور رہتے ہیں اور آہوں کی صیقل سے ہمارے دلوں کا زنگ دور رہتا ہے۔ جو گلچیں کانٹوں کی خلش سے بالکل ناواقف ہوں، اور جن عاشقوں نے کبھی ہجر کی کلفت، نہ سہی ہو وہ زندگی کی لذت سے محروم ہیں، اور زندگی کا راز اُن کی نظروں سے پوشیدہ ہے۔

غم کے اس نکتہ کو اقبال نے جن شعروں میں بیان کیا ہے، وہ فلسفیانہ معنویت اور ادبی لطافت کے لحاظ سے بہترین شمار کئے جا سکتے ہیں۔

یہ وہ شعر ہیں جو ہر زبان کے لئے مایۂ ناز ہیں :-

گو سراپا کیف و عشرت ہے شراب زندگی
اشک بھی رکھتا ہے دامن میں سحاب زندگی

فَفِي الدُّمُوعِ لِلحَيَاةِ جَدْوَلُ
تَصْفُو بِهِ النَّفْسُ وَتَنْبُتُ الْهِمَمْ
إِنَّ حُبَابَ خَمْرَةِ الآمَالِ لَا
يَرْقُصُ إِلَّا فَوْقَ أَمْوَاجِ الأَلَمْ
وَاللهُ فِي حِكْمَتِهِ عَلَّمَنَا
أَنَّ انْشِرَاحَ الصَّدْرِ قَبْلَهُ "أَلَمْ"

عَوَاصِفُ الخَرِيفِ فِي لَيْلِ السُّهَادْ
عَلَّمَتِ البُلْبُلَ تَرْجِيعَ النَّغَمْ
دَمُ الأَمَانِي فِيهِ لِلشِّعْرِ مِدَادْ
وَفِي خُطُوبِ الدَّهْرِ أَسْفَارُ الحِكَمْ

نَشِيدُ هَذَا الكَوْنِ يَبْدُو نَاقِصًا
حَتَّى يُتِمَّ الدَّمْعُ أَلْحَانَ النَّشِيدْ
مَا أَيْقَظَ الشَّبَابَ مِنْ سُكْرِ الهَوَى

موجِ غم پر رقص کرتا ہے حبابِ زندگی
ہے "الم" کا سورہ بھی جزوِ کتابِ زندگی

(اس شعر میں ایک طرف "الم" تو غم کو تعبیر کرتا ہے۔ اور دوسری طرف قرآن شریف کے سورہ "ال م" کی طرف اشارہ کرتا ہے)

آرزو کے خون سے رنگیں ہے دل کی داستاں
نغمۂ انسانیت کامل نہیں غیر از فغاں

حادثاتِ غم سے ہے انساں کی فطرت کو کمال
غازہ ہے آئینۂ دل کے لئے گردِ ملال

إلاَّ الأسى يُنبِّهُ العقلَ الشَّريدْ

يا رُبَّ شاكٍ صاغَ في آلامِهِ

جواهرَ الألحانِ مِن بحرِ الأنينْ

قد كانَ مثلَ العودِ في أحلامِهِ

فأيقظتْهُ ضرَباتُ العازفينْ

آلامُنا إلى العُلا أجنحةٌ

نعلو بها فوقَ مطاراتِ النُّسورْ

الرُّوحُ سرٌّ والحياةُ ظلمةٌ

وشعلةُ الآلامِ للأرواحِ نورْ

في خفقانِ القلبِ لحنٌ صامتٌ

لمْ تحكِهِ على غصونِها الطُّيورْ

إنَّ الذي لمْ يُبكِهِ أنَّاتُ المساءْ ... ولمْ تسامرْ عينُهُ نجمَ السَّماءْ

ولمْ يحطِّمْ جامَ قلبِهِ الأسى ... ولمْ يزرْ ظلامَ ليلِهِ البكاءْ

والسَّادرُ اللاَّعبُ طولَ عمرِهِ ... لمْ يستمعْ إلاَّ إلى عذابِ الغناءْ

غم جوانی کو جگا دیتا ہے لطفِ خواب سے
سازِ یہ بیدار ہوتا ہے اسی مضراب سے

طائرِ دل کے لیے غم شہپرِ پرواز ہے
راز ہے انساں کا دل غم انکشافِ راز ہے

غم نہیں غم روح کا اک نغمۂ خاموش ہے
جو سرودِ بربطِ ہستی سے ہم آغوش ہے

شام جس کی آشنائے نالۂ "یا رب" نہیں
جلوہ پیرا جس کی شب میں اشک کے کوکب نہیں
جس کا جامِ دل شکستِ غم سے ہے ناآشنا
جو سدا مستِ شرابِ عیش و عشرت ہی رہا

وَالعَاشِقُ المحروم فى غرامه
مِن لوعة الذكرى وحسرة الجفاء

وَمُجتنى الزّهر الّذى لم تختضب — يداه فى الشوك بحمرة الدّماءُ
جميعُ هؤلاء مهما سعدوا — من نعم الدُّنيا بأمن ورخاءُ
فإنّ أسرار الحياة تختفى — عنهم وهم عنها داوماً فى اختفاءُ

وإنه ليملكك العجب إذا رأيت الشعراء جميعاً فى ناحية و"اقبالا" وحده فى ناحية أخرى، فهم يتغنّون بالوصال ويذمّون الفراق ويتبرّمون بالأسفار ويحمدون الاقامة الهانئة، بينما هو يحبّ الرحلة والتجوال ويطرب لدمدمة الرّعود وأزيز الأمواج فيقول:

الوصلُ فى الحبّ غالٍ — وقيمةُ الهجر أغلى
ألوصلُ حلوٌ ولكن — عواقبُ الهجر أحلى
فى القرب موت الامانى — والعيش فيه فناء

ہاتھ جس گلچیں کا ہے محفوظ نوکِ خار سے،
عشق جس کا بے خبر ہے ہجر کے آزار سے
کلفتِ غم گرچہ اس کے روز و شب سے دور ہے،
زندگی کا راز اس کی آنکھ سے مستور ہے

پس جس طرح شبنم کی رفعت مذاقِ رم سے ہے اسی طرح انسان کی فطرت کی بلندی نوائے غم سے ہے۔
علامہ اقبال بار بار یہی سکھاتے ہیں۔ کہ انسان کو اس دنیا میں ہمیشہ حضر سے بڑھ کر سفر میں لذت ملتی ہے اور وصل سے بڑھ کر فراق میں۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

عالمِ سوز و ساز میں وصل سے بڑھ کے ہے فراق
وصل میں مرگِ آرزو، ہجر میں لذتِ طلب

والبعد فيه حياة ... يذكي ضياها الرجاء
إن اتقاد الأماني ... وحسن شد الطيور
وضجة الخلق سعياً ... في العالم المعمور
والسحب حين تراها ... تسقي الربا والسباب
والموج في البحر يعلو ... حتى يفوق الهضاب
وكل ما في البرايا ... من روعة وجلال
لولا يد الهجر فيه ... لم يزدهر بالجمال

يحدثنا "اقبال" عن الظواهر الكونية بلغة ساحرة، ويبين لنا مراراً "أن الربيع لا تتفتح أزهاره ولا تنضر أغصانه، ولا يبدو كل ذلك جميلاً في الحدائق إلا عندما تتساقط كل الأوراق لعواصف الخريف، وتبدو الطبيعة جافة صامتة نائمة حتى يوقظها ذالك الربيع بتغريد أطياره، كما مر في الصور السابقة، فيقول لنا إن ظواهر الحياة تعطينا درساً بليغاً، فليس الموت الاغروباً للشمس

گرمیٔ آرزو فراق، شورشِ ہائے و ہو فراق

موج کی جستجو فراق، قطرہ کی آبرو فراق

غرض اسی طرح وہ سمجھاتے ہیں کہ موت ہو یا رنج و غم، اُن کی شکایت کے لئے ہماری زبان نہیں کھل سکتی، کیونکہ اس گلستان میں نئے سرے سے بہار آنے کے لئے ضروری ہے کہ خزاں نے اُس کے پھولوں، اور پھلوں کو پامال کیا ہو۔

غم کی حقیقت کو آشکار کرنے کے بعد وہ بتاتے ہیں کہ ظاہر پرست انسان جس کو موت کہتے ہیں، وہ دراصل فنا نہیں، بلکہ آئندہ زندگی کا پیش خیمہ ہے۔ لوگ جس کو زندگی کی شام سمجھتے ہیں، وہ دراصل اس کی دائمی صبح ہے۔

الروح، لم تستطع بعد ذلك في صبح الخلود الذي لا فناء بعده.

يزعم الجاهلون أن المنايا مغرب فيه للحياة انقضاء
أفلم ينظروا إلى الشمس يبدو نورها بعد ما طواها المساء
تغرب النفس ثم يشرق صبح فيه للنفس بالخلود القضاء

(١)

عندما أريد بناء مستشفى في الحجاز أراد إقبال أن يقدم إلينا من سحره بلسمًا يهون صدمة الموت ويوضح أن المرء بعد اجتياز تلك المرحلة يحيي حياة هانئة لا يحياها الخضر في عمره الطويل. ثم يهون احتمال الصدمة الأخيرة بعبارات سما فيها خياله وتصويره.

(٢)

فأنت ترى أن الشاعر ينظم القصيدة فإذا لم يجدها ملائمة لطبيعة روحه

موت کو سمجھے ہیں غافل اختتام زندگی
ہے یہ شام زندگی صبح دوام زندگی

(۱)

موت کی منزل سے گزرنے کے بعد انسان کو وہ زندگی حاصل ہوتی ہے، جو خضر کو اپنی عمر دراز میں نصیب نہیں چنانچہ جو لوگ حجاز میں ایک دواخانہ قائم کرنے کے سلسلے میں ان کے پاس جاتے ہیں انہیں یہ جواب ملتا ہے:

(۲)

موت کے رازِ نہاں کو سمجھنے کے لئے ایک اور مثال پر غور کیجئے ساحل دریا پہ کھڑے ہوئے ہم ہوا اور پانی کی اس مسلسل کش مکش کو دیکھتے

هذف منها أشياء وأثبت غيرها جديدة وأعمل فيها التغيير والتبديل - كذلك الرسام والمهندس والكاتب وكل الفنانين الذين نشاهد ابتكاراتهم أمام أعيننا والقدرة تبدع في فن الانسان وترقى به تحسيناً وتجميلاً - وليس الموت الاحالة يراد بها اصلاح النفس وإعلاؤها وتتجلى لك هذه الحقيقة واضحة في هذه الأبيات :

جس سے بلبلے پیدا ہوتے ہیں اور ٹوٹتے رہتے ہیں موج مضطر حباب کی تعمیر بھی کرتی ہے اور پھر بڑی بیدردی سے اس نقش کو مٹا کر اپنے دامن میں چھپا لیتی ہے۔ نقش کی یہ ناپائیداری اس بات کا ثبوت ہے کہ ہوا میں ان بلبلوں کو پیدا کرنے کی قوت ہے اگر یہ قوت تعمیر اس میں موجود نہ ہوتی، تو وہ اس کو توڑنے میں اس قدر بے پروا کبھی نہیں ہوتی؟ قدرت ایک کائنات کو فنا کرتی ہے تو دوسری کائنات پیدا بھی کر سکتی ہے —

ایک اچھا شاعر اپنے شعر سے خوش نہیں ہوتا تو اُسے چھوڑ کر دوسرا شعر کہتا ہے۔ ایک بڑا مصنف اپنے مضمون میں اس وقت تک کاٹ چھانٹ کرتا رہتا ہے جب تک وہ اس کے دلخواہ معیار پر پورا نہ اُترے کوئی تصویر جب تک اچھی طرح تکمیل نہیں ہوتی پاتی مصور اس کو بدلتا رہتا ہے، پھر قدرت جو سب سے بڑی آرٹسٹ ہے اپنے نامکمل نقش سے کیسے طرح مطمئن ہو سکتی ہے۔ موت کی اس قدر لطیف توجیہہ اقبال رح کے سوا شاید کسی دوسرے شاعر کے ہاں ملے۔ اگر قدرت اس پیکر حیات کو فنا کرتی ہے، تو اس لیے کہ وہ ایک خوب تر پیکر بنانے کی آرزو مند ہے!

(١)

يا أُساةَ الحجازِ هلّا علمتُم
أنَّ برءَ الحياةِ أرضُ الحجازِ
إنَّ سرَّ الحياةِ يكمنُ في المو
تِ فيحكي حقيقةً في مجازِ
فرحُ المؤمنينَ في سكراتِ المو
تِ بقُربِ المهيمنِ المتعالي
هو أسمى من عيشةِ الخضرِ في الدُّن
يا طوالَ الدهورِ والأجيالِ
لِمَ جئتُم المؤمنينَ ببرءٍ
إنَّ إيمانَهم يداوي الجريحا
والذي ذاقَ من يدِ الوحيِ كأسًا
ليسَ يحتاجُ للدواءِ مسيحا

(۱)

میں نے کہا کہ موت کے پردہ میں ہے حیات
پوشیدہ جس طرح ہو حقیقت مجاز میں
تلخابۂ اجل میں جو عاشق کو مل گیا
پایا نہ خضر نے مئے عمر دراز میں
اوروں کو دیں حضور یہ پیغام زندگی
میں موت ڈھونڈتا ہوں زمین حجاز میں
آئے ہیں آپ لے کے شفا کا پیام کیا؟
رکھتے ہیں اہل درد مسیحا سے کام کیا؟

(٢)

كلُّ كونٍ أبلتهُ أيدي الليالي

أحرقوه ليصنعوه جديداً

يُهدم البيتُ بعد حينٍ ليُبنى

منزلاً عالياً وقصراً مشيداً

في أحوالٍ عديدة وبأساليب مختلفة يبيّن شاعرنا أنّ الحياة تختفي ضعيفة لتظهر قويّة، فلا خوف من ذهاب شيء لأنّه سيظهر بصورة أجمل وأحسن كما مرّ في الصورة السابقة، وهو في هذه القطعة يتحدّث لنا عن تزلزل الحياة واضطرابها الدائم ليزيدنا يقيناً بها:-

في خضمّ الحياة يضطرب المو	ج ولا يستقرّ في أيّ حالِ
ثورانُ الحياةِ في الكونِ بادٍ	كلُّ شيءٍ به رهينُ انتقالِ
كلُّ ذراتِ هذه الأرضِ دوماً	في احتدامٍ وثورةٍ واشتعالِ
لا يغرّنك في الجبالِ سكونٌ	قد يجيء السكونُ بالزلزالِ

(۲)

چوں جہانِ کہنہ شود پاک بسوزند اورا
وز ہماں آب و گِل ایجادِ جہاں تیز کنند

متعدّد مرتبہ اور مختلف پیرایوں میں اقبالؒ اس حقیقت کو ہمارے ذہن نشین کرنا چاہتے ہیں کہ دُنیا کی بے ثباتی ایک سطحی مظہر ہے جس کی تہ میں وہی زندگی کی روح کارفرما ہے۔

نقشِ حیات ہر مرتبہ مٹنے کے بعد ایک نئی شان سے اُبھرتا ہے۔ فنا اور عدم کی اس کثرت میں صرف زندگی وحدت جلوہ گر ہے۔

دما دم رواں ہے یمِ زندگی
ہر اک شے سے پیدا رمِ زندگی
فریبِ نظر ہے سکون و ثبات
تڑپتا ہے ہر ذرّۂ کائنات

لیس ذاک الثبات فی الفلک الا سفر الأمن خدعة الأنظار
لا انتهاء فی المسیر قافلة الکو ن ولا تنتهی من الأسفار
عالم دائم التجدد متوا رل خطی لیس فی الطریق توان
لا یمل التغییر الا خمول لیس یدری ما لذة الطیران
الحیاة الجهاد والجد والوث بة والعزم ماضیاً والبکور
یقطف الزهر فی الفروع ولکن فوق تلک الفروع تنمو زهور

"اقبال" یعرف هذه الحقیقة، ویخلق بها من الطبیعة أجمل الصور وأحدث التشبیهات، لیزیل الیأس المظلمة بنور الأمل المشرق، وفی هذه الأبیات دقة هذه المعانی متجلیة تریک الحیاة ماثلة فی تغیرها من جمیل الی أجمل ومن حسن الا أحسن. فهو یخاطب النجم الذی یلمع فی ظلام حالک مضطربا فی القبة الزرقاء، قائلا لعلک تخشی فناء حیاتک باشراق الصباح، فلذالک تقضی لیلک فی فزع

ٹھہرتا نہیں کاروانِ وجود
کہ ہر لحظہ ہے تازہ شانِ وجود
اُلجھ کر سلجھنے میں لذت اُسے
تڑپنے پھڑکنے میں راحت اُسے
سمجھتا ہے تو راز ہے زندگی
فقط ذوقِ پرواز ہے زندگی
گل اس شاخ سے ٹوٹتے بھی رہے
اسی شاخ سے پھوٹتے بھی رہے

"اقبال" اس نکتے سے اچھی طرح واقف ہیں اور متعدد وجد آفریں تشبیہوں کے ذریعہ ثابت کرتے ہیں کہ ہر جامِ فنا میں شرابِ زندگی کی مستی بھری ہوئی ہے۔ وہ ایک ستارہ کے ٹمٹمانے کو کانپنے سے تعبیر کرتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں کہ کیا تجھے قمر کا خوف ہے۔ یا سحر کا خطرہ لگا ہوا ہے، تو جو یہ تمام رات کانپتے ہوئے گذارتا ہے تو شاید تجھے مآلِ حسن کی خبر مل گئی ہے، کہ جب چاند نکلے گا یا سحر ہوگی تو تیری ہستی نابود ہو جائے گی۔ پھر اس چمکنے والے مسافر کو سمجھاتے ہیں کہ اس دنیا کا آئین ہی ہے۔ کلی کی موت میں پھول کی آفرینش کا راز پوشیدہ ہے، اور لاکھوں ستاروں کے فنا ہونے

وَيقُول لِلْمُسَافِرِ فِي رِحْلَةِ الدُّنْيَا: إِنَّ مَوْتَ البَرَاعِمِ حَيَاةُ الزُّهُورِ۔

فَنَاءُ مَلَايِينِ النُّجُومِ مُبَشِّرٌ
بِأَنْوَارِ شَمْسٍ فِي السَّمٰوٰتِ تُولَدُ
وَنَوْمُ الرَّدَى سُكْرٌ سَيُعْقِبُ نَشْوَةً
بِخَمْرِ حَيَاةٍ فِي الخُلُودِ تُجَدَّدُ

وَتَوْدِيعُ أَيَّامِ البَرَاعِيمِ مُؤْذِنٌ ... بِخَلْقِ الزُّهُورِ البَاسِمَاتِ جَمَالَا
وَمَصْنَعُ هٰذَا الكَوْنِ بِالخَلْقِ دَائِرٌ ... فَإِنِّي أَرَى فِيهِ السُّكُونَ مُحَالَا
وَلَيْسَ سِوَى التَّغْيِيرِ فِي الكَوْنِ ثَابِتٌ ... يُغَيِّرُ حَالًا ثُمَّ يُنْشِئُ حَالَا

سَبَقَ لَنَا أَنْ تَحَدَّثَ إِقْبَالُ فِي صُوَرٍ مُخْتَلِفَةٍ عَنْ خُلُودِ الحَيَاةِ الإِنْسَانِيَّةِ، وَالآنَ تَأَمَّلْ إِلَى النَّهْرِ الَّذِي يَنْحَدِرُ مِنَ القِمَمِ المُرْتَفِعَةِ فِي مُلَاءَتِهِ البَيْضَاءِ هَابِطًا كَسَلَاسِلِ الفِضَّةِ مُرْسِلًا مِنْ خَرِيرِهِ نَغَمًا شَجِيًّا. يَتَعَلَّمُ مِنْهُ البُلْبُلُ تَرْجِيعَ أَلْحَانِهِ حَتَّى إِذَا هَبَطَ إِلَى السُّفُوحِ

سے ایک آفتاب کی ولادت واقع ہوتی ہے۔

اجل ہے لاکھوں ستاروں کی اک ولادتِ مہر
فنا کی نیند مئے زندگی کی مستی ہے
وداعِ غنچہ میں ہے رازِ آفرینشِ گل
عدم عدم ہے کہ آئینہ دارِ ہستی ہے

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

ایک ندی کو دیکھیے جب اس کی چادر پہاڑ کی بلندی سے وادی کی چٹانوں پر گرتی ہے۔ تو بظاہر اس کا تسلسل ٹوٹ جاتا ہے۔ اور پانی کی مسلسل رو کی بجائے آبشار کے قریب بکھری ہوئی بوندوں کی ایک دنیا نظر

وَالوِدْيَانِ تفرّقت قطراته كما يتفرّق الألاف وكأنك
لاترى الآن من ذلك الماءِ السلسال شيئًا فإذا سرت
قليلاً بعد ذلك بين الرّمال رأيت النهر متجلّيًا في
حُلاه الفضيّة يسقى من حوله الغابات والأعشاب
كذلك نهر الحياة يهبط من سمائها ثم يغيب حينًا
ليظهره منسّقًا فى مجرى الخلود۔

ويقدّم لنا هذه الصّورة الانيقة:۔

مِن رؤسِ الجبالِ ينحدِر النهـ ... ـرُ طروبًا بالأمواج عذب الأغاني
ينقل الطّير عنه بين الرّوابي ... ما يبثّ الغصون من ألحانِ

لخدودِ الحورِ الحسانِ تراهُ ... في صفاءِ البلّور حلو الخريرِ
ثمّ تمضى تلك المياه ضياعًا ... في تلالٍ منثورةٍ وصخورِ

قطراتٌ من النّمير طوتها ... في ثنايا الرّمال أيدى افترا ق
ثمّ تجرى بها الينابيع فى الأر ... ضِ فتحظى بعد النوى بالتّلاقِ

آتی ہے۔ لیکن آبشار سے تھوڑی دُور آگے وادی میں
بڑھیں تو پھر وہی ندی بہتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔
زندگی کی نہر بھی اسی طرح رواں ہے جس پر،
ان انسانی حادثات کا کوئی اثر نہیں ہو سکتا۔

آئی ہے ندی جبینِ کوہ سے گاتی ہوئی
آسماں کے طائروں کو نغمہ سکھلاتی ہوئی

آئنہ روشن ہے اس کا صورتِ رخسارِ حور
گر کے وادی کی چٹانوں پر یہ ہو جاتا ہے چور

جوئے سیمابِ رواں پھٹ کر پریشاں ہو گئی
مضطرب بوندوں کی اک دنیا نمایاں ہو گئی

فإذا النهر بعد ذلك في مجراه يحيي الزهور والأعشابا
وروضة تنبت الزمرد في الأر ض وتسقي النخيل والأعنابا

وحياة الإنسان نهر سماوي تولت بسيره الأقدار
كلما غاض ماؤه عاد فيا ضا فما ينقضي له تيار

شعلة النفس لا تصير رمادا
ضوؤها خالد على الأزمان
كل شيء يمضي وكل حياة
تنقضي غير جوهر الإنسان

ويطالعنا إقبال ببرهان عميق يحملنا على الإذعان والتصديق ويزيد الإيمان في أنفسنا جلاء ووضوحا، وذلك أن الحرص على الحياة وتنازع البقاء مركز في جميع طباع الأحياء، ومستقر في غرائز الكائنات، وكأن القدرة بذلك نقشت سر الخلود

ہجراں قطروں کو لیکن وصل کی تعلیم ہے
دو قدم پر پھر وہی جو مثل تار سیم ہے

ایک اصلیت میں ہے نہرِ روانِ زندگی
گر کے رفعت سے ہجوم نوعِ انساں بن گئی

جوہر انساں عدم سے آشنا ہوتا نہیں
آنکھ سے غائب تو ہوتا ہے فنا ہوتا نہیں
زندگی کی آگ کا انجام خاکستر نہیں
ٹوٹنا جس کا مقدّر ہو یہ وہ گوہر نہیں

حفظِ زندگی کی خواہش ہر جاندار کی فطرت میں ودیعت کردی گئی ہے اور کش مکش حیات دُنیا کا عام اصول ہے اس سے معلوم ہوا کہ خود قدرت کو بھی زندگی بہت محبوب ہے۔ پس اگر موت کے ہاتھوں سے نقشِ حیات مٹ سکتا تو

في الحياة وعموم الموت وشموله يدل لنا على أنه لا يؤثر في حقيقة الوجود، وأنه لا يزيد عن كونه أمراً عرضياً كالنوم الذي لا يؤثر في حيوية النائم، وإلى هذا المعنى يشير بقوله:

سرّ الخلود جرى مع الدم في العرو ... ق وخالط الأرواح والأحياء
لم يحينا الرحمن في الدنيا سدى ... وهو الحليم مشيئة وقضاء
لما رأيت الموت يشملنا علمـ ... ـت بأنه لن يستحيل فناء
الموت مثل النوم يبدأ سكرة ... وليعود صحواً دائماً ولقاء

في علوم الطبيعة لا توجد قيمة خاصة للحياة الإنسانية وليس للإنسان شأن خاص في هذه الكائنات ولكن الدين يعلمنا أنه أشرف المخلوقات بل إن هذه الكائنات خلقت لأجله، وإذا كان هذا صحيحاً فتأملوا إلى تلك النجوم التي تنير منذ ملايين السنين، والتي تعجز العقول دون حساب أعمارها فلنوازنها بالإنسان الذي هو أبعد نظراً من

قدرت اس کو کائنات میں اس طرح عام نہ کر دیتی۔ موت
کا اس طرح عالمگیر اور ارزاں ہونا ہی خود اس بات کی دلیل
ہے کہ زندگی پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔

فطرتِ ہستی شہیدِ آرزو رہتی نہ ہو
خوب تر پیکر کی اس کو جستجو رہتی نہ ہو
ہے اگر ارزاں تو یہ سمجھو اجل کچھ بھی نہیں
جس طرح سونے سے جینے میں خلل کچھ بھی نہیں

فلک سے تجھ کو امیدیں، خدا سے نومیدی
مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا
نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے

کسے نہیں ہے تمنائے سروری لیکن

خودی کی عمارت پر جس نے دوسری کیا ہے

ڈاکٹر اقبال کے خلاف مخالفت کا ایک بڑا طوفان برپا ہو گیا تھا مگر وہ اس کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک چٹان کی طرح جمے رہے۔ ان کے ہندو اور مسلمان دشمنوں نے انہیں اور ان کے خاندان کو نہ چھوڑا۔ اگرچہ انہیں اپنے اصولوں کی خاطر ہر قسم کی قربانی دینی پڑی مگر ان کے دل میں اپنے کسی دشمن کے لئے نفرت اور عداوت کا جذبہ پیدا نہ ہوا۔ میں نے ان کی طرح کسی شخص کو نہیں دیکھا جس کی محبت اور نفرت اس قدر گہری ہو۔ شاعر مشرق نے مختلف اشعار میں مرد بزرگ کی جو علامات بیان کی ہیں وہ خود ان پر منطبق ہوتی ہیں۔

اس کی نفرت بھی عمیق اس کی محبت بھی عمیق　　قہر بھی اس کا ہے اللہ کے بندوں پہ شفیق
پرورش پاتا ہے تقلید کی تاریکی میں　　ہے مگر اس کی طبیعت کا تقاضا تخلیق
انجمن میں بھی میسر رہی خلوت اس کو　　شمع محفل کی طرح سب سے جدا سب کا رفیق
مثل خورشید سحر فکر کی تابانی میں　　بات میں سادہ و آزاد معانی میں دقیق
اس کا انداز نظر اپنے زمانے سے جدا
اس کے احوال سے محرم نہیں پیران طریق

جب ۱۹۳۸ء میں ان کا انتقال ہوا تو سکندر حیات کی یونینسٹ حکومت نے انہیں شاہی مسجد کی حدود میں دفن کرنے کی بڑی سخت مخالفت کی مگر چونکہ صوبائی گورنر ان کی قدر و منزلت پہچانتا تھا۔ اور جانتا تھا کہ وہ مسلمانوں کے بڑے پر خلوص اور بے غرض لیڈر ہیں۔ اسی لئے اپنی ذمہ داری پر مرکزی حکومت سے اجازت حاصل کئے بغیر انہیں شاہی مسجد کی حدود میں دفن کرنے کی اجازت دیدی۔

جب دُنیا کے بادشاہ، شہزادے، اہل قریہ، ماہرینِ سیاست، والیانِ ریاست اور غیر ممالک کے سفراء شاعرِ مشرق کے مزار پر پھول چڑھانے آئے تو اُن کے تمام مفاد پرست دشمن غائب ہو گئے۔ علامہ اقبال کا نام تاریخ عالم میں اس وجہ سے زندۂ جاوید رہے گا۔ کہ انہوں نے نہایت ایمانداری اور خلوص کے ساتھ عوام کی خدمت کی ہے۔ اور اپنے کلام سے لوگوں کے دلوں میں جوشِ عمل پیدا کیا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ وہ دُنیا کے ممتاز ترین شاعر ہیں۔ مگر جس چیز نے انہیں تاریخ عالم میں زندۂ جاوید کیا ہے۔ وہ نہ تو ان کی شاعری ہے نہ اُن کا تبحرِ علمی ہے۔ نہ اُن کی غیر معمولی ذہانت ہے نہ ان کے عمیق تصورات اور بلند خیالات ہیں گو ان کی عالمگیر شہرت میں ان تمام صفات کا حصہ ہے۔ مگر درحقیقت جس چیز نے انہیں عمرِ فانی بنا دیا وہ ان کی صداقت تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی والہانہ محبت اور عقیدت تھی۔ نیز ان کا خلوص اور اصلاحی جذبہ تھا جسے لے کر وہ اپنے اصولوں کی تبلیغ کرتے تھے۔ ہندوستانی مسلمانوں کے سیاسی اور معاشرتی حقوق کی حمایت کرتا تھا۔ اور یہ کہ وہ جدید نظریات کی روشنی میں تبلیغِ اسلام کی خدمت انجام دیتے رہے انہی علمی اوصاف نے انہیں نہ صرف ہندوستان کے مسلمانوں میں اعلیٰ مقام عطا کیا بلکہ سارے عالم میں انہیں بقائے دوام بخشی۔ اہل مغرب کو اسلام کا صحیح مفہوم وہی شخص سمجھا سکتا ہے، جو اسلامی تعلیمات سے کماحقہٗ واقف ہو اس کے ساتھ ساتھ وہ یورپ کے فلسفہ اور جدید سائنس میں بھی مہارت تامہ رکھتا ہو۔ جس شخص نے

علامہ اقبال کے کلام کا مطالعہ کیا ہے، وہ یہ بات ضرور سمجھ لے گا کہ انہیں ما
مابعد الطبعیات، حیاتیات اور معاشیات کا پورا پورا علم تھا۔ انہوں نے جس
نظریات، سائنس، فلسفہ اور ادب کا اتنا عمیق مطالعہ کیا تھا۔ کہ وہ کسی مذہبی یا
مسئلہ کو حل کرنے میں اپنی انہی معلومات سے استفادہ کرتے تھے۔ مثلاً
صوبہ میں واحد عالم تھے جس نے آئنسٹائن (Einstein) کے نظریہ اضا
کے سائنسی اور فلسفی دونوں پہلوؤں کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔ اور جس نے ان کے
کے نظریۂ مکان وزمان کو مذہب کی روشنی میں سمجھا تھا۔

معزز حضرات! میں اس موقعہ پر اس مسئلہ پر طائرانہ نظر ڈالوں گا کہ
کے بارے میں علامہ اقبال کا نظریہ کیا تھا۔ ان کے جن پرستاروں کا یہ دعویٰ
کہ وہ اس مسئلے میں علامہ اقبال کے نظریے سے اچھی طرح واقف ہیں۔ انہوں
علامہ اقبال کو مسلم کمیونسٹ اور مغربی جمہوریت کا علمبردار ظاہر کیا
اس سے زیادہ غیر ذمہ دارانہ اور حق وصداقت سے دور اور کوئی دعویٰ نہیں ہو
ہوسکتا۔ اس میں شک نہیں کہ علامہ دولت کی منصفانہ تقسیم کا عقیدہ رکھتے
مگر ان کا یہ عقیدہ اسلام کے معاشرتی اور اقتصادی نظام تک ہی محدود تھا
چنانچہ جہاں ان کا عقیدہ یہ تھا کہ نجی جائیدادوں پر پابندیاں لگائی جائیں
وہاں وہ ملکی مصنوعات کو قومی بنانے کے بھی مخالف تھے۔ اسلامی نظریات
کے مطابق ان کا عقیدہ یہ تھا۔ کہ اگر کسی اسلامی حکومت کو ضرورت پیش آئے تو وہ
تمام مالکان کی جائیداد کو اپنی تحویل میں لے سکتی ہے۔ اگر بوقت ضرورت
حکومت تمام نجی جائیدادوں کو اپنی تحویل میں لے لے۔ تو اس سے یہ قانون

ئے بنایا جا سکتا۔ کہ تمام نجی جائیدادوں کو قومی ملکیت بنا دیا جائے۔ جیسا
روس میں ہو رہا ہے۔ کیونکہ وہاں کمیونزم کے نظریہ کے مطابق ملک کی ساری
ر اوار قومی ملکیت ہوتی ہے اور جائیداد کسی شخص کی ملکیت نہیں ہوتی بلکہ ہر شخص
ے اخراجات کی ذمہ دار حکومت ہوتی ہے۔ علامہ اقبال کے نظریے کی رو سے
تمالیت اور سرمایہ داری دونوں انسان کے جسم کو تو فربہ کرتی ہیں۔ مگر اس کی
رح کو کمزور کر دیتی ہیں۔ اسلام کمیونزم کے خلاف ہے کیونکہ کمیونزم میں خدا
وجود کا عقیدہ نہیں ہے۔ اور وہ اقتصادیات پر زور دیتا ہے۔ علامہ اقبال
نظریہ کے مطابق اسلام کا اقتصادی نظام جسے نظام ربوبیت کے نام سے
م کیا جاتا ہے وہ کمیونزم سے بہت اعلیٰ و ارفع ہے، ایک روز ایسا
گا۔ کہ اسلام کا اقتصادی نظام کمیونزم کو بالکل ختم کر دے گا۔ کیونکہ اسلام کا
قتصادی نظام خالق کائنات کے وجود پر قائم ہے اور وہی انسان کی خودی
ج کمال تک پہنچانے کا واحد ذریعہ ہے اور وہی انسان کی جسمانی نشوونما
ہے۔

معزز حاضرین! میں اس موقع پر ضروری سمجھتا ہوں کہ شاعر مشرق کے
اشتمالیت پر روشنی ڈالوں۔ بعض لوگوں نے اشتمالیت کے پس منظر میں
شرق کے خیالات کی جو تصویر کھینچی ہے وہ گمراہ کن ہے۔ کیونکہ اسے دیکھ
یہ خیال کرتے ہیں کہ علامہ اقبال کے معاشرتی اور اقتصادی نظریات
اور چین کے انقلاب سے ماخوذ ہیں۔ ہمیں اس تصویر کشی پر تو کوئی اعتراض
ہے البتہ ہمیں اس تصویر کے مصوروں پر ضرور اعتراض ہے تاکہ انہیں

غلط فہمی کا شکار ہونے سے بچایا جاتے۔

شاعر مشرق روس اور چین کے انقلاب سے بہت پہلے انقلابی ذہنیت رکھتے تھے۔ اگر وہ کسی اسلامی مملکت کے حکمران ہوتے اور انہیں مطلق العنان بادشاہ کے اختیارات حاصل ہوتے۔ تو وہ یقیناً موجودہ سرمایہ داری اور اشتمالیت کے خلاف جہاد کرتے اور وہ اپنی حکومت میں اسلام کا اقتصادی نظام جاری کرتے کیونکہ اسلام کے اقتصادی نظام میں وہ بے انصافی نہیں ہے جو اشتمالیت اور سرمایہ داری کے نظام میں ہے۔ اسلام کے اقتصادی نظام میں اشتمالیت اور سرمایہ داری کو بہت عمدہ طریقہ پر سمو دیا گیا ہے۔ علامہ اقبال نے ایک دفعہ مجھ سے فرمایا تھا کہ اسلام کا قانون وراثت سرمایہ داری اور اشتمالیت کی جڑ پر ایک کاری ضرب ہے۔ کیونکہ قانون وراثت کی رو سے شخصی ملکیت قائم ہوتی ہے۔ اور بوقت ضرورت وہ ختم بھی کی جا سکتی ہے روس نے مارکس اور لینن کے نظام میں ترمیم کر دی ہے اور وہ بتدریج خدا کے وجود کا قائل ہو کر اسلام کے قریب آتا جا رہا ہے۔ کیونکہ اسلام کے معاشرتی اور اقتصادی نظام میں وہ سب چیزیں موجود ہیں جن کی انہیں ضرورت ہے نیز ان میں خدا کے وجود کا عقیدہ بھی پیدا ہوتا جا رہا ہے جو انسانی معاشرہ کے تحفظ کے لئے ضروری ہے گو یہ بات بظاہر بعید از قیاس معلوم ہوتی ہے مگر آثار و قرائن بتا رہے ہیں کہ ایک دن آئے گا جب روس اور چین دونوں حلقہ بگوش اسلام ہو جائیں گے جیسے تاتار ہو گئے۔

ہے عیاں یورش تاتار کے افسانے سے ۔۔۔ پاسباں مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے

معزز حضرات! علامہ اقبال نے روس اور چین کے اس جذبہ کی بڑی تعریف کی ہے جس نے وہاں کے لوگوں کو انقلاب برپا کرنے کے لئے ابھارا تھا۔ وہ اس برصغیر میں سب سے بڑے شاعر ہیں جنہوں نے اپنے کلام میں جگہ جگہ کمیونزم کا ذکر کیا ہے۔ جو مشہور نظم انہوں نے لینن پر لکھی ہے۔ وہ آپ حضرات کی دلچسپی کا باعث ہوگی۔ اس نظم میں انہوں نے اپنے جو تصورات لینن کی زبان سے بیان کئے ہیں۔ ان سے کمیونزم کی تعریف ہوتی ہے۔ اور اس میں مغربی سرمایہ داری پر بڑی زبردست ضرب لگائی گئی ہے۔ لینن دہریہ ہونے کے باوجود خدا کے دربار میں حاضر ہو کر عرض کرتا ہے ؎

اے انفس و آیات میں پیدا ترے آیات — حق یہ ہے کہ ہے زندہ و پائندہ تری ذات
میں کیسے سمجھتا کہ تو ہے یا کہ نہیں ہے — ہر دم متغیر تھے خرد کے نظریات
محرم نہیں فطرت کے سرود ازلی سے — بینائے کواکب ہو کہ دانائے نباتات
آج آنکھ نے دیکھا تو وہ عالم ہوا ثابت — میں جس کو سمجھتا تھا کلیسا کے خرافات
بندے شب و روز کے جکڑے ہوئے بندے — تو خالق اعصار و نگارندۂ آفات
اک بات اگر مجھ کو اجازت ہو تو پوچھوں — حل کر نہ سکے جس کو حکیموں کے مقالات
جب تک میں جیا خیمۂ افلاک کے نیچے — کانٹے کی طرح دل میں کھٹکتی رہی یہ بات
وہ کونسا آدم ہے کہ تو جس کا ہے معبود؟ — وہ آدم خاکی کہ جو ہے زیر سماوات؟
مشرق کے خداوند سفیدانِ فرنگی — مغرب کے خداوند درخشندہ فلزات
یورپ میں بہت روشنی علم و ہنر ہے — حق یہ ہے کہ بے چشمۂ حیواں ہے یہ ظلمات
رعنائی تعمیر میں رونق میں صفا میں — گرجوں سے کہیں بڑھ کے ہیں بینکوں کی عمارات

ظاہر میں تجارت ہے حقیقت میں جوا ہے — سود ایک کا لاکھوں کے لئے مرگِ مفاجات
میخانے کی بنیاد میں آیا ہے تزلزل — بیٹھے ہیں اسی فکر میں پیرانِ خرابات
گالوں پہ جو سرخی نظر آتی ہے سرِ شام — یا غازہ ہے یا ساغر و مینا کی کرامات
تو قادر و عادل ہے مگر میرے جہاں میں — ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات

علامہ اقبال نے مغربی جمہوریت کے متعلق حسب ذیل بیتوں میں بڑے دلچسپ خیالات کا اظہار کیا ہے۔

گریز از طرزِ جمہوری غلامِ پختہ کارے شو — کہ از مغزِ دو صد خر فکرِ انسانے نمی آید
جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں — بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

علامہ اقبال کہا کرتے تھے کہ جمہوریت ایک ایسا کوٹ ہے جسے یورپ ممالک نے تجربہ کرنے کے بعد اُتار پھینکا ہے۔ اور ایشیا کے بعض ملکوں نے ڈھیلا ہونے کے باوجود اسے پہن رکھا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر ملک کو ایسا قانونی لبادہ پہننا چاہیئے۔ جو اس کے جسم پر ٹھیک ہو۔ جمہوریت کا آغاز اس معنی میں کہ عوام کی حکومت ہو۔ عوام کے لئے ہو اور عوام کے ذریعے ہو۔ سب سے پہلے یونان کی ریاستوں میں ہوا تھا۔ جہاں یہ طرزِ حکومت کچھ عرصے قائم رہا اور اس وجہ سے کامیاب نہ ہو سکا کہ وہ ہمیشہ ایک دوسرے سے بر سرِ پیکار رہتے تھے۔ اس لئے انہیں اپنے آپ کو بیرونی حملوں سے بچانا دشوار ہو گیا تھا جس کا انجام یہ ہوا کہ ان ریاستوں کی اندرونی اور بیرونی حالت تباہ ہو کر رہ گئی تھی۔ اس کے بعد جمہوری طرزِ حکومت جمہوریہ روم میں جاری ہوا مگر وہ جلد ہی شہنشاہیت میں تبدیل ہو گیا۔ اس کے بعد پندرہ صدی تک یورپ میں کہیں جمہوری حکومت کا نام و نشان

نہیں ملتا۔ یہاں تک کہ انگلینڈ کے باشندوں نے سنہ ۱۲۵۰ء میں شاہ جون سے سیاسی حقوق چھین لیے۔

فرانس میں سنہ ۱۷۸۹ء کے انقلاب کے بعد فرانس میں جو جمہوری حکومت قائم ہوئی تھی اسے نپولین بوناپارٹ نے ختم کیا اور وہاں آج کل جنرل ڈیگال صدر کی حیثیت سے ڈکٹیٹر بنا ہوا ہے۔ اسپین میں جنرل فرانکو نے جمہوری حکومت ختم کی اور اٹلی میں مسولینی نے حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لی تھی۔

چین میں بھی جمہوری حکومت کا تجربہ کیا گیا تھا۔ مگر وہاں وہ اس لئے کامیاب نہ ہو سکی کہ وہاں وہ اہل چین کے حالات سے موافقت نہ کر سکی وہاں کسی شخص نے بھی ہندوستان اور ریاستہائے متحدہ امریکہ جیسی جمہوری حکومت کو پسند نہ کیا۔ جمہوری حکومت کے ہر جگہ ناکام ہونے کا سبب یہ ہے کہ لوگ اتنے تعلیم یافتہ نہیں ہوتے کہ وہ اپنے صحیح نمائندوں کا انتخاب کر سکیں، نیز وہاں کا اخلاقی معیار بھی پست ہوتا ہے۔ دراصل وفاداری کوئی ذہنی چیز نہیں ہے بلکہ وہ تو ایک اخلاقی حقیقت ہے۔ اخلاقی کردار کی تعریف یہ ہے کہ وہاں دیانتداری، سلامت روی، خوش اخلاقی، حب الوطنی، صبر و استقلال، تحفظ حقوق، اور اعتدال جیسی اخلاقی قدریں موجود ہوں اور یہی اوصاف نفرت، رشک و حسد، خود غرضی اور حماقت کا مقابلہ کر کے ان کا قلع قمع کر دیتے ہیں۔ درحقیقت یہی اخلاقی کردار ہے۔ الغرض آجکل ہر ملک میں اس کے مناسب حال حکومت ہے اسلام میں جمہوریت ایک روحانی قدر ہے جس کی رو سے تمام مرد اور عورتیں خدا کی نظر میں یکساں ہیں۔ مغربی جمہوریت ایک سیاسی طریقہ کار ہے جس میں

ووٹ دینے والوں کی قابلیت اور صلاحیت کا لحاظ کئے بغیر صرف ان کی تعداد شمار کی جاتی ہے۔

اب میں ایک دو غلط تصورات کا تجزیہ کروں گا جنہیں علامہ اقبال کے ایک ثناخواں نے عوام کے ذہن نشین کرنے کی کوشش کی ہے اور اس کا دعویٰ ہے کہ وہ علامہ اقبال سے ذاتی طور پر واقف ہے۔ اس شخص نے ایک مشہور ہفتہ وار جریدہ میں اپنا یہ بیان شائع کیا ہے کہ علامہ اقبال کو ٹائی باندھنے کا شعور بھی نہ تھا۔ یہ بالکل مضحکہ انگیز بات ہے کہ دس سال کا لڑکا بھی ٹائی باندھنا بڑی آسانی سے سیکھ سکتا ہے۔ لہٰذا ایسے شخص کے متعلق یہ کہنا کتنی نامعقول بات ہے جس نے اعلیٰ تعلیم یورپ میں حاصل کی جو اعلیٰ طبقہ کے انگریزوں کے ساتھ مل جل کر رہا۔ اور جس نے ۲۵ سال تک بیرسٹری کی پریکٹس کی۔ ان تمام باتوں سے ان کی ذہانت اور فہم و فراست کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ایسا بے بنیاد بیان شائع کرنے کا مقصد صرف شہرت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ نیز اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مضمون نگار کے دل میں شاعر مشرق کا احترام نہیں ہے۔

اسی شخص نے ایک مرتبہ ایک بے بنیاد بات یہ بھی کہی تھی کہ علامہ اقبال نے اپنی آمدنی کی حد پانچسو روپے ماہوار مقرر کر رکھی تھی۔ اور جب انہیں اتنی آمدنی ہو جاتی تھی۔ تو پھر وہ کوئی مقدمہ نہ لیتے تھے۔ یہ بالکل غلط ہے کیونکہ جب وہ ہائی کورٹ میں پریکٹس کرتے تھے۔ تو ان کے پاس ایسے مقدمے بھی آتے تھے۔ جن کی ماہانہ آمدنی پانچسو روپے سے کہیں زیادہ ہوتی تھی۔ چنانچہ ایک مرتبہ وہ ایک مقدمہ کی پیروی کرنے مسٹر سی آر داس کے ساتھ پٹنہ

گئے تھے جن کی فیس دو ہزار روپے یومیہ تھی۔ مسٹر سی آر داس نے جو علامہ اقبال کے بڑے مخلص دوست تھے یہ انتظام کیا تھا کہ وہ علامہ اقبال کے ساتھ دو ہفتے رہ کر گرانقدر رقم کمائیں گے۔ مگر علامہ اقبال نے اپنا کام صرف تین روز میں ختم کر دیا اور اتنی زیادہ رقم کمانے سے انکار کر دیا جس کے وہ قانونی حیثیت سے حق دار تھے۔ یہ کہنا درست نہیں کہ شاعر یا تو غیر حاضر دماغ فلسفی ہوتا ہے یا درویش ہوتا ہے گو علامہ اقبال طبعاً درویش تھے۔ مگر یہ ان کی ہمہ گیر فطری قابلیت تھی کہ وہ شاعر بھی تھے۔ اور فلسفی بھی تھے۔ مزید برآں وہ دنیا کے سارے کام بھی کرتے تھے۔ انہیں اللہ نے غیر معمولی فہم و فراست، اعلیٰ درجہ کی قوت تخیل، اصابت رائے اور قلب سلیم جیسی نعمتیں بخشی تھیں۔ انہوں نے پچیس برس تک وکالت کی۔ اور وہ اپنے زمانہ میں چوٹی کے وکیلوں میں شمار کئے جاتے تھے۔

معزز حضرات! جو لوگ علامہ اقبال کے کلام کا مطالعہ بنظر عمیق کرتے ہیں انہیں اس میں ہر شعبہ زندگی کی رہنمائی مل سکتی ہے۔ ایک عظیم شاعر قوم کے لئے خدا کی بہت بڑی نعمت ہوتا ہے۔ ہم اپنے آپ کو بہت خوش نصیب سمجھتے ہیں کہ خدا نے ہمیں ایسا عظیم شاعر عطا کیا ہے۔ ہم علامہ اقبال کے منفعت بخش کلام کی اس لئے قدر کرتے ہیں کہ اس میں فلسفہ زندگی کے لئے ایک زبردست تحریک پائی جاتی ہے اور اس میں انسانوں کے لئے ایک ایسا پیغام مضمر ہے کہ اگر ہم ان کی تعلیمات کو اپنی زندگی پر طاری کر لیں تو اپنی زندگی نہایت عز و شان کے ساتھ بسر کر سکتے ہیں نیز اپنی قسمت کا فیصلہ اپنی ثقافت اور روایات کی روشنی میں کر سکتے ہیں۔
علامہ اقبال کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے والہانہ محبت اور عقیدت تھی

اور اُن کے کلام میں جا بجا قرآنی تعلیمات کا عکس نظر آتا ہے۔ قرآنی تعلیمات نے ہی ان کے خیالات کو پاکیزگی اور قوت حیات بخشی ہے ان کا معمول یہ تھا کہ علی الصباح بیدار ہو کر وہ قرآن مجید کی تلاوت کرتے تھے۔ بعض مرتبہ وہ رونے لگتے تھے حتیٰ کہ ان کے آنسوؤں سے قرآن مجید کے اوراق تر ہو جاتے تھے پھر وہ اپنے ملازم علی بخش سے کہتے تھے کہ اسے سوکھنے کے لئے دھوپ میں رکھ دے۔

بمبئی کے ایک پارسی پروفیسر واڈیا نے علامہ اقبال کے بارے میں یہ الفاظ کہے تھے "دنیا میں بڑے بڑے شاعر گزرے ہیں مگر دنیا علامہ اقبال جیسا ہمہ صفات موصوف شاعر پیدا نہ کر سکی جو بیک وقت فلسفی بھی ہو اور سیاست دان بھی گوئٹے جس کے کلام کا مقابلہ شاعر مشرق کے کلام سے عموماً کیا جاتا ہے شاید علامہ اقبال جیسا شاعر ہو مگر اس کے کلام میں بھی علامہ اقبال جیسے پاکیزہ خیالات اور آزادی فکر کا فقدان ہے۔ علامہ اقبال نے اپنے کلام میں فلسفہ کی روح پھونک دی ہے اور اپنے کلام سے فلسفہ میں خوبصورتی اور دلکشی پیدا کر دی ہے۔ انہوں نے انسانی ثقافت میں اپنے لئے ایک ایسا بلند مقام حاصل کر لیا ہے جس کی نظیر نہیں ملتی۔" ہو سکتا ہے کہ ان کا جسم مٹی میں مل گیا ہو۔ مگر شاعر، مفکر اور بنی نوع انسان کا معلم ہونے کی حیثیت سے اُن کا روحانی اثر زمان و مکان کی حدود سے تجاوز کر گیا ہے۔ ان کا کلام مسلم اور غیر مسلم کی آنے والی نسلوں کے دل میں امید، جسارت اور عقیدت کی روح پھونکتا رہے گا۔ علامہ اقبال کے کلام کو اگر اچھی طرح سمجھ لیا جائے

اگر ان کے پند و نصائح کو مشعلِ ہدایت تصور کیا جائے۔ تو اس میں وہ ایسی
زبردست قوتِ عمل موجود ہے جو انسانی کردار کو بلند ترین مقام تک
پہنچا سکتی ہے۔ علامہ اقبال کے کلام کی اسی خصوصیت نے انہیں زندہ جاوید بنا دیا
ہے اور لوگ رہتی دنیا تک اس سے رہنمائی حاصل کرتے رہیں گے۔

جو لوگ دل سے اقبالیات کا مطالعہ کرتے ہیں ان کے لئے مطالعہ اقبال
کا پیغام ایک روشنی کا مینار ہے یہ شاعر اعظم قوم کے لئے ایک نعمت ہے
اور ہماری بڑی خوش قسمتی ہے کہ وہ ہم میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے آپ کو
بالکلیہ طور پر پیغمبر اسلام کے لئے وقف کر دیا تھا اور ان کی شاعری قرآنی تعلیمات
پر مبنی تھی جس کی وجہ سے ان کے تخیلات کو ایک قوت اور ان کی زبان کو ایک
شوکت حاصل ہو گئی تھی۔ صبح سویرے کی پر نور گھڑیوں میں وہ اکثر قرآنی آیات
کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ اور اس دوران ان کی آنکھیں ایسی پُرنم اور اشکبار
ہو جاتی تھیں کہ قرآن کے صفحات تر بتر ہو جاتے تھے۔ ختم تلاوت پر وہ اپنے
پرانے خادم علی بخش سے فرماتے تھے۔ کہ مذکورہ صفحات کو دھوپ میں خشک
ہونے کے لئے رکھ دیا جائے۔

محترمہ رشیدہ بیگم آفتاب اقبال صاحبہ
(علامہ اقبال کی بڑی بہو)

رشیدہ بیگم
اہلیہ آفتاب اقبال

رشیدہ بیگم صاحبہ آفتاب اقبال کی بیگم اور علامہ اقبال کی بہو ہیں خاندان
مغلیہ کے ایک عظیم آدمی میرزا دولت بیگ کی اولاد میں ہیں جو عہد شاہجہاں میں
سپہ سالاری کے عہدے پر مامور رہے تھے نسبی یگانگت کے علاوہ شاہجہاں سے
قرابت کی عزت بھی انہیں حاصل تھی مشہور تاریخی شہر شاہجہان پور اس کا
نام بانئ شہر کا ہی رکھا ہوا ہے۔

رشیدہ بیگم کے باپ دادا مشرقی پنجاب جالندھر کے رہنے والے ہیں
زمیندار پیشہ تھا۔ رشیدہ بیگم کے والد بزرگوار میرزا روشن بیگ نے برما میں
ٹھیکے رکھا تھا۔ بیگم صاحبہ وہیں پیدا ہوئیں۔ وطن واپس آنے کے بعد سلسلہ تعلیم کا
جاری ہوا۔ ابتدائی جماعتیں پاس کرنے کے بعد لاہور کالج فور ویمن میں داخلہ لیا
اور ایف ایس سی کا امتحان امتیازی شان کے ساتھ پاس کیا۔ آگے تعلیم کا سلسلہ
جاری نہ رہ سکا۔ اس لئے کہ آفتاب صاحب کے ساتھ آپ عقد نکاح میں منسلک ہو گئیں

آپ کے تین صاحبزادے ہیں، آزاد اقبال، نوید اقبال، وقار اقبال، اول الذکر
دونوں صاحبزادے اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں وقار اقبال اپنے والدین کے ساتھ
رہتے ہیں اور حصول تربیت و تعلیم میں مصروف ہیں۔

بیگم صاحبہ نہایت ذہین، قابل اور امور خانہ داری میں مہارت تامہ رکھتی ہیں
اور نہایت شریفانہ صفات و اخلاق کی حامل ہیں۔ آپ کو اپنی خوشدامن یعنی

والدہ آفتاب اقبال کے زیر تربیت رہنے کا شرف حاصل ہوا۔ اور خدمات بجالانے پھر دعائیں حاصل کرنے کے مواقع میسر آئے۔

آپ کے والد بزرگوار اپنے دوست وزیر اعظم حبشہ ڈاکٹر سی ٹارٹن کے ہمراہ عدیس ابابا تشریف لے گئے تھے آپ کا ٹھیکہ داری کا کاروبار یہاں بڑے وسیع پیمانہ پر ترقی کر گیا تھا اور آپ کی مالی حالت نہایت مضبوط ہو گئی تھی اثرات و تعلقات کا یہ عالم تھا کہ شاہ حبشہ مسٹر ہیل سلاسی آپ کو اپنا معتمد علیہ اور مخلص دوست سمجھتا تھا۔ اسی اثناء میں اٹلی نے حبشہ پر لشکر کشی کی اور آپ کو اپنے تحفظ ناموس وجان کی خاطر اپنا سارا اثاثہ چھوڑ کر واپس ہندوستان آنا پڑا۔ ہندوستان آکر آپ اپنے وطن جالندھر کی بجائے لاہور میں مقیم ہو گئے اور یہیں انتقال فرمایا یوں جالندھر سے رشتہ منقطع ہو گیا اور لاہور بیگم صاحبہ کے لئے وطن ثانی بن گیا۔ آپ کی ابتدائی تعلیم بھی مدرسۃ البنات لاہور میں ہوئی۔ آپ کو اس درسگاہ سے والہانہ محبت ہے۔ آپ کا بیان ہے کہ اس درسگاہ میں قرآن وحدیث کی تعلیم لازمی دینیات کی دی ہے میں نے اپنے دین کو یہیں سے جانا۔ مجھے اپنے مذہب سے محبت اپنے خدا سے آگہی، آقائے نامدار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ سے واقفیت یہیں حاصل ہوئی۔

اقبال پر بہتان

اور اُسکی حقیقت

روزنامہ جنگ کے اس سال کے اقبال ایڈیشن میں علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کی بھتیجی کے بیٹے خالد نذیر صاحب نے اپنی والدہ کے حوالوں سے جو دو برس کی عمر سے شادی ہونے تک علامہ اقبال کے ہاں رہی تھیں، اس شہرت کی نہایت واضح اور مدلل تردید کی ہے کہ علامہ اقبال شراب پیتے تھے۔ یہ شہرت میں نے علامہ اقبال کی زندگی میں نہیں سنی تھی تو مرنے کے بعد کسی معمولی مسلمان کے متعلق بھی ایسی باتیں زبان سے کہنا یا قلم سے لکھنا گناہ ہے۔ اتنے عظیم مسلمان پر بہتان لگانے والا خدا جانے کون ہے مجھے ۱۹۱۰ میں خواجہ حسن نظامی صاحب کے ساتھ نواب سر ذوالفقار علی خان وزیر اعظم ریاست پٹیالہ کا مہمان بننے کا شرف حاصل ہوا تھا۔ علامہ اقبال نواب صاحب کے پہلے سے مہمان تھے۔ بلکہ وہی ہم دونوں کو اپنے ساتھ پٹیالے کھینچ کر لے گئے تھے۔ میر غلام بھیک نیرنگ صاحب کے مسلم ہائی اسکول کے افتتاحی جلسے میں علامہ اقبال پٹیالے سے آئے تھے۔ اور ہم دونوں دلی سے پہنچے تھے۔ وہاں علامہ اقبال نے فرمایا کہ پٹیالے ضرور چلنا ہوگا۔ المختصر تو دس دن صبح تا شام اور شام تا صبح ہمارا اور علامہ اقبال کا ایک ہی کمرے میں مسلسل قیام رہا کھانا سب مل کر کھاتے تھے۔ شراب پینے والا شام کے کھانے سے قبل شراب کے دو چار

گھونٹ پی لے تو اس کا کیا ہاضمہ نہیں ہوتا۔ مگر ہم نے علامہ اقبال اور نواب سر ذوالفقار علی خان کو شراب کا نام لیتے بھی نہیں سنا۔ علامہ اقبال کو تصوف سے مطلق واسطہ نہیں تھا پیتے ہوتے تب کھلتے پیتے بہر حال میرے پاس صرف یہی واحد گواہی ہے جسے پیش کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ علامہ اقبال کو آنکھیں اللہ نے مدبھری عنایت فرمائی تھیں۔ جیسے مخمور معلوم ہوتی تھیں۔ غالباً ان آنکھوں سے غلط فہمی پیدا ہو گئی ہو گی۔ لیکن اتنا تو سوچنا چاہیئے تھا کہ عرفان۔ اور شراب ایک دل اور ایک دماغ میں کیسے جمع ہو سکتے ہیں۔ علامہ اقبال نے حافظ شیرازی کے ذکر شراب سے اختلاف کیا تو ہل چل مچ گئی۔ خواجہ حسن نظامی صاحب اس ہلچل میں پیش پیش تھے مگر انہوں نے کبھی میرے کان میں بھی نہیں کہا کہ اقبال خود شراب پیتے ہیں۔ اور حافظ کی شراب معرفت پر اعتراض کرتے ہیں۔ علامہ اقبال نے مولانا حسین احمد صاحب کی بابت لکھا کہ

زدیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی است

لیکن مولانا کے شاگردوں نے پلٹ کر علامہ کو شراب خور ہونے کا طعنہ نہیں دیا۔ جس نے بہتان لگایا ہے وہ تاریخ نویسی کے زور میں حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بھول گیا کہ اپنے وفات پائے ہوؤں کی صرف خوبیاں بیان کیا کرو۔ برائیاں اگر ہوں بھی تو ان کا ذکر پس ماندگان کو اچھا سبق نہیں سکھائے گا (ملا واحدی)

جنگ کراچی ۲۷ اپریل ۱۹۶۸ء

شاعرِ اسلام ۔۔۔۔ محمد اقبالؒ

اپریل ۱۹۳۸ء میں اقبال نے داعیٔ اجل کو مسکراتے ہوئے لبیک کہا یہ وہی تبسم تھا جسے اقبال نے اپنے آخری اشعار میں (مردِ مومن کے لئے) موت کا سامنا کرنے کی علامت قرار دیا تھا۔

نشانِ مردِ مومن با تو گویم　　چو مرگ آید تبسم بر لبِ اوست

پھر وہ اس طرح اس دارِ فانی سے رحلت کر گئے اور ہماری نظروں سے اوجھل ہو گئے جیسے سورج چھپ جاتا ہے لیکن اپنی وفات سے پہلے وہ عالمِ اسلام کو زندگی کی وہ حرارت اور تابندگی عطا کر گئے جو ہمیشہ اس کی راہوں کو روشن رکھے گی۔

برِ صغیر پاک و ہند کی ایمان پرور فضاؤں میں نشو و نما پانے والے اقبال کے جسدِ خاکی میں اسلام نے اپنی سچی روح پھونک دی تھی۔ اور اس لحاظ سے یہ قالب خلوصِ حق نورِ ہدایت اور پاکیزہ فطرت سے معمور تھا پھر چونکہ اس قالب میں ہند کی موروثی برہمنیت اور عرب کی حمیت دونوں کا عکس تھا۔ لہٰذا اس کے نتیجے میں ایک چھوتا شعری فلسفہ وجود میں آیا۔ یہ فلسفہ نہ تو ابو العلا المعری کا فلسفہ تھا جس کی بنیاد شک و شبہ، شکوہ و شکایت اور عدمیت پر ہے اور نہ یہ نطشے کا فلسفہ وجودیت تھا جس کی بنیاد الحاد پر ہے بلکہ یہ ایک خالص

اسلامی فلسفۂ توحید تھا جس کا روحانی منبع وحی الٰہی ہے اور جو عقل اور الہام سماوی کے ذریعے مادیت اور روحانیت کو ایک دوسرے سے مربوط رکھتا ہے ۔

اقبال نے دینِ اسلام کی حقیقت کو اسی صورت میں دیکھا اور سمجھا جس صورت میں باری تعالیٰ نے اُسے اُتارا تھا۔ اور اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے جس کی دعوت دی تھی۔ اور جس کی تبلیغ اور جس کا نفاذ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابۂ کرام (رضوان اللہ علیہم) کے ہاتھوں عمل میں آیا تھا۔ اقبال نے اس حقیقت کو سمجھ لیا تھا۔ کہ دین و دنیا کی تعمیر کا دارومدار عمل صالح پر اور سعادت دارین کا حصول ایمان حقیقی پر منحصر ہے نیز عالم اسلام کی قوت وعظمت کا انحصار عرب و عجم کے حقیقی اتحاد پر ہے لہٰذا اقبال نے اپنے مجموعۂ کلام 'اسرارِ خودی' میں ایمان حقیقی اور عبادت کے مفہوم کو پیش نظر رکھتے ہوئے فرد کو استقلال ذات کی دعوت دی۔ بانگ درا میں مسلم معاشرے کی بیداری اور مسلمانوں میں جذبۂ جہاد و عمل پیدا ہونے کی ضرورت پر زور دیا، اور پیامِ مشرق میں اسلامی اخوت اور باہمی تعاون کا پیغام کر دیا۔

پھر ایک وقت ایسا آیا جب اقبال جیسا ممتاز الشان جس کی جسمانی نشوونما ارضِ کشمیر میں ہوئی تھی جس کی روح پر مکۃ المکرمہ کی ضیا پاشیوں کا اثر تھا اور جس کے اشعار کی لئے شیرازی تھی۔ دنیائے عجم میں اللہ کے دین کی زبان بن کر ابھرا۔

اقبال نے قرآنی تعلیمات کی تشریح و تفسیر عقل کو دلیل راہ بنا کر

کی اور اپنے اشعار کے ذریعے ایمان اور عقیدے کا صحیح مفہوم پیش کیا۔ اقبال نے افراد کو آزادی اور عزتِ نفس کا حقیقی کردار بخشا اور معاشرے کی اصلاح و تعمیر کے لئے تقویٰ اور محبت کی اہمیت پر زور دیا۔ وہ اس مشرقی تہذیب کے علمبردار تھے جس کی بنیاد الٰہیت اور روحانیت پر ہے اور اس مغربی تہذیب سے متنفر تھے جو مادیت اور الحاد کی کمزور بنیادوں پر قائم ہوئی ہے اقبال اسلام کے تابناک ماضی کے دلدادہ تھے اور وہ مسلمانوں کو اُن کے اس ماضی کی یاد دلاتے رہے جب انسانیت کو غلامی سے نجات ملی، دلوں کو پاکیزگی حاصل ہوئی اور مسلمانوں نے دُنیا میں فساد کو ختم کر کے اصلاح کا فرض انجام دیا۔ مگر ساتھ ہی ساتھ وہ مسلمانوں کے اس حال سے نالاں ہیں جس میں دین و میراثِ محمدی کے ٹکڑے ہو گئے ہیں۔ اقبال عصرِ حاضر کے ان سامراجی طاغوتوں کی سخت مذمت کرتے ہیں جو شیطانی طاقتوں کی رہنمائی میں دُنیا میں فساد پھیلا رہے ہیں اور جن کی قیادت میں سائنسی علوم اور مادہ کو بنی نوعِ انسان کو اپنا غلام بنانے کے لئے آلۂ کار بنایا جا رہا ہے اقبال نے اپنے ایک شعر میں ان ہی سامراجی طاغوتوں کے بارے میں یوں کہا ہے۔

"اے اللہ تو نے آگ سے ایک شیطان کو پیدا کیا تھا مگر
مٹی سے کروڑوں شیطان پیدا کر دیے گئے"

مگر ساتھ ہی ساتھ اقبال اپنے اشعار میں اس دین پر حسرت و افسوس کا اظہار کرتے ہیں جس کی پیروی کرنے والوں نے جہالت اور ضعفِ اعتقاد کی بنا پر اور بغیر سوچے سمجھے ایسے تصورات، عقائد اور رسوم کو اپنے دلوں میں جگہ

دے دی ہے جن کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔

اقبال کو نماز ادا کرنے والوں سے یہ شکایت ہے کہ ان کی نمازیں ان کو برائیوں سے اور فحاشی سے باز نہیں رکھتیں اور زکوٰۃ ادا کرنے والوں کے دل حرص و ہوس سے پاک نہیں وہ ان ہزاروں مسلمانوں سے جو ہر سال بغرض حج حجاز کا سفر کرتے ہیں اور اس مذہبی فریضے کی اہمیت اور اس بڑے اجتماع کی غرض و غایت سے بے بہرہ رہتے ہیں۔ ان الفاظ میں شکایت کرتے ہیں

"کوئی حج بیت اللہ سے واپس آنے والوں سے یہ نہیں پوچھتا
کہ کیا وہاں تحفے میں دینے کے لئے تم کو آبِ زمزم کی ایک شیشی
کے سوا وہاں کچھ اور نہیں ملا۔"

حقیقت یہ ہے کہ اگر حسانؓ (حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ) شاعرِ رسول تھے تو اقبال شاعرِ رسالت تھے۔ اقبال کو محمدیت (پیغامِ محمدی) کے دفاع کا شرف حاصل ہے۔ اگر جلال الدین الرومی رحمۃ اللہ علیہ جیسے صوفی بزرگ اور شاعر کی مجالس فضائلِ اسلام اور شمائلِ نبوی کے ذکر سے معطر ہیں۔ تو اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ صوفی شعراء میں کوئی شاعر ایسا نہیں گزرا جو دین میں تفقہ اور حقائق کا علم رکھنے، کتاب اللہ میں فلسفیانہ انداز پر غور و فکر کرنے کلامِ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر عالمانہ نظر رکھنے اور مشرق و مغرب کے قدیم و جدید نظریات کے بارے میں اپنے اندر صحیح سوجھ بوجھ اور قوتِ تمیز و فیصلہ رکھنے میں اقبال کے مقام تک پہنچ سکتا ہو۔

میں نے اقبال کو ان کے افکار اور ان کے علم سے پہچانا ہے ان کی زبان

اور ان کے فن سے نہیں اور ایک عالم اور فلسفی کے بارے میں اس کے فیوض علمی
اور صحیح فکر کی روشنی میں کوئی فیصلہ دینا اور اس کا درست ہونا ممکن ہے
لیکن ایک شاعر اور فنکار کے متعلق اس کے شعر و فن کی تخلیقات کی روشنی میں
فیصلہ دینا آسان کام نہیں۔

اور پھر اقبال کی زبان اور ان کے فن اور اسلوب بیان کے محاسن سے واقفیت حاصل کیے بغیر اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں اقبال کے افکار و نظریات کا جو علم ہم کو حاصل ہو سکتا ہے اور اس کی روشنی میں ہماری نظر میں جب اقبال ایک عظیم مصلح اور ممتاز رہنما کا مرتبہ رکھتے ہیں تو وہ مرتبہ کتنا بلند ہوتا جب ہم ان کے علم و فن کی صورت میں ان کے شعور کو شعر کے قالب میں، واقعات کو خیال کے جامے میں حقیقت کو مجاز کی شکل میں اور فکر کو تصویر میں دیکھتے اور سمجھتے۔

بہر حال کسی حد تک اقبال کے فن سے ہم ان کے دوست عبدالوہاب عزام مرحوم کے توسط سے بہرہ ور ہوئے ہیں، مگر ان کے فن کا یہ تعارف ایسا ہی ہو سکتا ہے جیسا کسی اصل تصویر کا تعارف اس کے عکس کے ذریعے سے ہوتا ہے۔ ان دونوں فنکاروں (اقبال اور ڈاکٹر عبدالوہاب عزام مرحوم) کی ملاقات "پیام مشرق" اور "ضرب کلیم" کے واسطے سے ہوئی۔ ڈاکٹر عبدالوہاب عزام مرحوم نے پیام مشرق اور ضرب کلیم کا منظوم ترجمہ عربی ترجمہ کیا ہے) اور اس مبارک ملاپ نے نہ صرف یہ عربی ادب میں ایک بیش بہا اضافہ کیا بلکہ اس نے گلستان ادب عربی کو ایک نئی تازگی اور شگفتگی بخشی۔ مجھے امید ہے کہ اقبال کے پورے کلام کو قرآن کی زبان میں منتقل کیا جائے گا۔ کیونکہ بلاشبہ ان کا کلام قرآن حکیم کی الہامی

تفسیر ہے۔

وفات سے پہلے شاعر جادواں اقبال کے دل میں یہ آرزو تھی کہ ان کا کلام دُنیائے عرب میں بھی اسی طرح پڑھا جائے جس طرح دُنیا کے دوسرے حصّوں میں پڑھا جاتا ہے لہٰذا ان سے وفاداری اور عقیدت کا یہ تقاضا ہے کہ اہلِ عرب ان کی اس آرزو کو پورا کریں نیز عربی زبان وادب سے ہمارے تعلق اور اس کے لئے ہمارے جذبۂ خدمت کا یہ تقاضا ہے کہ عربی زبان کو اقبال کی لامحدود ذہانت سے فیضیاب کیا جائے۔

اقبال پر باری تعالیٰ کا یہ فضل رہا ہے کہ ان کی کئی آرزوئیں پوری ہوئیں۔ ان کی آرزو کے مطابق آج اُمّتِ اسلامیہ بیدار ہو چکی ہے اور آپس میں متحد ہو رہی ہیں اس کے لئے نئی صبح نمودار ہو رہی ہے وہ آج دنیا کے ہر حصّے میں سامراجیت، غلامی اور ظلم و استبداد کے خلاف برسرِ پیکار ہے۔ آج اس کی قیادت اہلِ سیف و عمل کے ہاتھوں میں ہے اور عالمی سیاست میں وہ ایک ایسے تیسرے اور مضبوط بلاک کی حیثیت حاصل کرنے کے لئے کوشاں ہے جہاں امن و استقرار کا دور دورہ ہو۔

اقبال پر اللہ کی رحمت ہو اور اللہ ان کو ان کے عمل اور خلوص کا ثواب عطا فرمائے اور ہم میں سے ہر کسی کو ان کی دعوت کو آگے بڑھانے اور ان کے افکار کو عام کرنے کی توفیق دے۔

ترجمہ مقالہ احمد حسن الزیات مدیر مجلہ الازہر

جنگ ۱۳ر جون ۶۸ء

علامہ سے متعلق چند حقائق

مولف روزگار فقیر سید نجم الدین راوی ہیں کہ

۱۔ **خدا کے وجود کی دلیل** ایک بار آپ سے سوال کیا گیا، کہ آپ کے نزدیک خدا کی حقیقت قابل تسلیم کیوں ہوئی ہے؟ تو جواب دیا کہ میرے پیغمبر نے، جن کے متعلق ان کے دشمن بھی کہتے ہیں کہ انہوں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا ہے جب فرمایا ہے کہ خدا مجھ سے ہمکلام ہوتا ہے تو خدا کی ہستی یقیناً ہے۔

۲۔ **غالب اور رومی سے ملاقات** ایک بار استغراق کی حالت میں اپنے خادم کو کہا کہ میرے پاس مرزا غالب بیٹھے تھے ابھی ابھی باہر گئے ہیں۔ جلدی جاؤ انہیں واپس لاؤ۔ اور انتقال سے چند روز قبل انہوں نے مولانا رومی کے متعلق خادم سے کہا وہ ابھی میرے پاس تھے باہر گئے ہیں۔ انہیں واپس بلا لاؤ۔

۳۔ ایک روز حکیم احمد شجاع علامہ کے مقام پر پہنچے تو ان کو بہت مغموم اور بے چین پایا۔ اور گھبرا کر دریافت کیا خیریت تو ہے۔ علامہ نے غم انگیز لہجے میں فرمایا احمد شجاع یہ سوچ کر میں اکثر پریشان ہو جاتا ہوں کہ کہیں میری عمر رسول اللہؐ کی عمر سے زیادہ نہ ہو جائے علامہ کی تاریخ پیدائش ۱۸۷۷ء ہے اس حساب سے ۱۹۳۸ء میں انتقال کے وقت ان کی عمر رسول اکرمؐ کے سن مبارک سے دو سال کم تھی یعنی ۶۱ سال تھی۔

۴۔ میں نے ایک مرتبہ ڈاکٹر صاحب سے سوال کیا کہ آپ شعر کیسے کہتے ہیں؟ فرمایا ایک مرتبہ فارمن کرسچن کالج لاہور کا سالانہ امتحان ہو رہا تھا۔ کالج کے پرنسپل ڈاکٹر لوکس نے مجھے بھی اس میں شرکت کی دعوت دی۔ اجلاس کا پروگرام ختم ہونے کے بعد چائے کا بندوبست کیا گیا تھا۔ ہم لوگ چائے پینے کے لئے بیٹھے تو ڈاکٹر لوکس میرے پاس آئے اور کہنے لگے چائے پی کے چلے نہ جانا مجھے تم سے ایک ضروری بات کرنی ہے۔ ہم لوگ چائے پی چکے تو ڈاکٹر لوکس آئے اور مجھے اپنے ساتھ ایک گوشہ میں لے گئے اور کہنے لگے اقبال مجھے بتاؤ۔ کہ کیا تمہارے پیغمبر پر قرآن کریم کا مفہوم نازل ہوا تھا اور چونکہ انہیں صرف عربی زبان ہی آتی تھی لہٰذا انہوں نے قرآن کریم کو عربی میں منتقل کر دیا یا یہ عبارت ہی اسی طرح اُتری تھی۔ میں نے کہا یہ عبارت ہی اُتری تھی۔

ڈاکٹر لوکس نے حیران ہو کر کہا تم جیسا پڑھا لکھا آدمی ایسی بات پر یقین رکھتا ہے کہ یہ عبارت ہی اُتری ہے۔ میں نے کہا ڈاکٹر لوکس یقین کیجئے میرا تجربہ ہے کہ مجھ پر شعر پورا اُترتا ہے تو پیغمبر پر عبارت کیوں نہیں پوری اُترتی ہو گی۔

۵۔ والد مرحوم سے ڈاکٹر صاحب کو بے حد محبت تھی۔ والد نے ایک مرتبہ ڈاکٹر صاحب کے متعلق ایک اور واقعہ سنایا کہنے لگے میں ایک دن ڈاکٹر صاحب سے ملنے گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ اکیلے بیٹھے زار وقطار رو رہے ہیں۔ میں نے کہا خیر باشد گھر میں تو سب لوگ باخیر و عافیت ہیں۔ انہوں نے جواب دیا۔ ہاں سب باخیریت ہیں۔ میں نے پوچھا تو آپ اس طرح کیوں رو رہے ہیں۔ ڈاکٹر

صاحب نے جواب دینے کی بجائے میری طرف ایک خط بڑھایا جو لندن سے اُسی دن اُن کے نام آیا تھا۔ یہ خط پروفیسر نکلسن کی طرف سے تھا جس نے ڈاکٹر صاحب سے اُن کی ایک فارسی کتاب کا ترجمہ کرنے کی اجازت مانگی تھی میں نے تعجب کیا اور کہا اس میں کونسی ایسی بات ہے کہ تم نے رونا شروع کیا۔ تمہیں تو خوش ہونا چاہیئے کہ دوسرے ملکوں کے اہل علم تم کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور یورپ کے لوگوں کو بھی اُس سے آشنا کرنا چاہتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے جو اس وقت برابر سر جھکائے بیٹھے تھے۔ سر اُٹھا کر میری طرف دیکھا اور کہنے لگے کہ جس قوم کے دل میں احساس خودی پیدا کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی تھی۔ وہ تو پوری طرح اس کا مطلب نہیں سمجھ سکتی اور نہ اُس کا مطلب سمجھا سکتی ہے۔ دوسری طرف ولایت والوں کا یہ حال ہے کہ وہ میرے پیغام کو اپنے ملک کے لوگوں تک پہنچانا چاہتے ہیں حالانکہ یہ کتاب میں نے اُن کے لئے نہیں لکھی ہے۔

ایک مرتبہ میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ پلنگ پر بیٹھے ہوئے کوئی کتاب پڑھ رہے تھے مجھے دیکھ کر کتاب بند کر دی اور ادھر اُدھر کی باتیں ہونے لگیں پلنگ سے کچھ ہٹ کر ایک قالین پڑا تھا جس کی رنگت اور گل بوٹے آنکھوں میں کھبے جا رہے تھے۔ میں نے پوچھا ڈاکٹر صاحب آپ نے یہ نیا قالین خریدا ہے کہنے لگے۔ اس قالین کا قصہ بھی عجیب ہے۔ آج صبح ایک شخص جس کا نام تک میں نہیں جانتا یہ قالین لے کر آیا اور کہنے لگا۔ میں دو تین روز ہوئے فریضۂ حج ادا کر کے لاہور پہنچا ہوں۔ ایران کی سیر کا مجھے مدت سے شوق تھا۔

اس لئے واپسی پر اسی راستہ اختیار کر لیا۔ تہران میں حسن صاحب کے ہاں میرا قیام تھا انہیں جب معلوم ہوا کہ میں پنجاب سے آیا ہوں اور حج کر کے اپنے وطن واپس جا رہا ہوں تو انہوں نے مجھ سے پوچھا۔ تم نے کبھی حضرت اقبال کو دیکھا ہے میں نے کہا جی ہاں کئی مرتبہ، یہ سنتے ہی وہ میری طرف بڑھے میری آنکھوں کو بوسہ دیا۔ اور دیر تک بڑے اشتیاق سے آپ کے حالات پوچھتے رہے جب میں رخصت ہونے لگا۔ تو گھر میں سے یہ قالین نکال لائے۔ اور کہنے لگے۔ کہ لاہور پہنچ کر اسے اُن کی خدمت میں پیش کر دینا۔ یہ قالین ایک ایرانی عقیدت مند کا ایک تحفہ ہے۔ جو میں اُس کی طرف سے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

۷۔ ڈاکٹر صاحب کو لندن کے ایک اجتماع میں شریک ہونے کا موقعہ ملا جہاں صرف اسلامیات کے متعلق تقریریں ہو رہی تھیں۔ اس اجتماع میں مختلف نسلوں کے تعلیم یافتہ لوگ موجود تھے۔ لوگوں کے اصرار پر حکیم الاُمت نے بھی ایک تقریر کی جس میں انہوں نے اسلام کے اصولوں پر روشنی ڈالی جب وہ تقریر ختم کر چکے تو ایک انگریز اُن کے پاس آ کر بیٹھ گیا۔ اور کہنے لگا کہ آپ نے اپنی تقریر میں جو کچھ کہا ہے اگر یہی اسلام ہے۔ تو ہم سب مسلمان ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ کسی کو بر سرِ عام یہ بات کہنے کی ہمت نہیں ہوتی۔

۸۔ "شاعر کی آنکھیں" ایک دفعہ میں نے زمانہ کی قدر ناشناسی کا ذکر کیا۔ اور کہا کہ لوگ اپنے ملک کے

بڑے بڑے شاعروں قومی رہنماؤں اور عظیم المرتبت انسانوں کی زندگی میں اُن کی قدر نہیں کرتے۔ ڈاکٹر صاحب اس سوال سے متأثر ہوتے اور کسی قدر تامل کے بعد فرمایا تم غور کرو تو معلوم ہو گا کہ جب شاعر کی آنکھیں کھلی ہوتی ہیں تو دنیا کی آنکھیں بند ہوتی ہیں اور جب شاعر کی آنکھیں ہمیشہ کے لئے بند ہو جاتی ہیں تو دنیا کی آنکھیں کھل جاتی ہیں — اور صدیوں تک اس کی تعریف و توصیف کے گیت گاتی رہتی ہیں۔

۹۔ مظلوم بعض ایسے لوگ بھی مسلمانوں میں پائے جاتے ہیں جو نہ عربی زبان و ادب میں خاطر خواہ استعداد رکھتے ہیں۔ نہ عرب قدیم کے علمی سرمایہ پر انکی نگاہ ہے نہ قرآن کو ٹھیک طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ مگر اپنی اس علمی تہی مایگی کے باوجود قرآن کریم کے ترجمہ اور تفسیر کی کوشش فرماتے ہیں۔ ڈاکٹر اقبال کو اس قسم کی باتوں سے بڑی اذیت ہوتی تھی۔ وہ اپنی متانت و سنجیدگی اور عالی ظرفی کے باوجود اس غم کو چھپا نہ سکے۔ ایک بار فرما ہی دیا۔ قرآن کریم اس اعتبار سے بڑا مظلوم صحیفہ ہے کہ جب دنیا میں کسی کو کوئی کام نہیں ملتا وہ اس کے ترجمہ و تفسیر میں مصروف ہو جاتا ہے۔ حالانکہ یہ نہایت نازک اور محتاط ذمہ داری ہے

۱۰۔ چالیس سال:۔ ایک بار ایک لیڈر خاتون کی حوصلہ افزائی کرتے ہوتے ڈاکٹر صاحب نے کہا آپ مایوس اور دل برداشتہ نہ ہوں۔ اس مذہب کی خوبیاں چالیس سال کی عمر کے بعد ہی سمجھ میں آتی ہیں۔ تمہارا کام تو زمین کو ہموار کرنا ہے اور اس میں

پودا لگاتا ہے۔ یہ پودا ایک دن خود بخود تناور درخت بن جائے گا اور پھل لائے گا۔

۱۱۔ سر سید احمد کی وفات پر ڈاکٹر صاحب کے استاد میر حسن نے تاریخ نکالی جو یہ ہے "غفر لہٗ" ۱۳۱۵ھ ڈاکٹر صاحب نے بھی اس آیت سے تاریخ نکالی: انی متوفیک و رافعک الیّ و مطہرک ۱۳۱۵ھ

۱۲۔ خطبات مدراس:۔

ڈاکٹر صاحب نے ایک بار خاص انداز میں فرمایا کہ اگر میری یہ کتاب "تشکیل جدید" (خطبات مدراس) خلیفہ مامون رشید کے دور میں شائع ہوتی تو پورے عالم اسلام میں ایک تہلکہ مچ جاتا۔

۱۳۔ علامہ اقبال ضرورت کے مطابق کپڑے سلوایا کرتے تھے۔ فالتو جوڑے رکھتے تھے۔ اور نئے نئے ڈیزائن کے کپڑے کا ان کو شوق نہ تھا۔ جب کپڑے ختم ہو جاتے تو علی بخش اپنی پسند کا کپڑا خرید لاتا اور درزی کو پیسہ کر دیتا دھوتی بنیان زیادہ پہنتے تھے۔

۱۴۔ آمدنی: ان کی ذاتی آمدنی ایک ہزار روپے ماہانہ سے کبھی نہ بڑھی۔ بیرسٹری کے زمانے میں عام طور پر ان کے مقدمات قبول کرنے کی آخری تاریخ ہر مہینہ کی دس تاریخ تھی۔ منشی اور مکان کا کرایہ سات سو روپے کے لگ بھگ تھا جب اتنی رقم کے مقدمات آجاتے، تو مزید مقدمات لینے سے انکار کر دیتے جب اصرار کیا جاتا تو کہتے کہ آنے والے مہینے کی شروع کی تاریخوں میں آنا۔

۱۵۔ **لطائفِ اقبال:-** ایک دفعہ ایک طوائف اور چودھری دین محمد کے درمیان مقدمہ بازی ہوئی۔ چودھری کے وکیل شہاب الدین (نہایت کالے تھے) اور طوائف کے وکیل اقبال تھے۔ جج نے سوال کیا کہ طوائف کا دفاع کون کرے گا۔ شہاب الدین نے مذاقاً کہا کہ سر نائٹ knight یعنی نائٹ (سر دار) عورتوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ اس کا آج سر اقبال دفاع کریں گے۔ جواب میں اقبال نے کہا کہ جناب والا میرے اور اُن کے درمیان صرف K کا فرق ہے۔ میں K سے نائٹ ہوں اور وہ بغیر K کے یعنی Night (رات)۔

۱۶۔ فقیر سید وحید الدین کو کتوں کے پالنے کا شوق تھا۔ ایک بار اقبال سے ملنے گئے۔ اور پالتو کتے موٹر میں چھوڑ کر اندر چلے گئے۔ کچھ دیر بعد اقبال کی چھوٹی بچی منیرہ بھاگتی ہوئی آئی اور کہنے لگی "ابا جان موٹر میں کتے آئے ہیں۔ اقبال نے اُن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا نہیں بیٹی یہ تو آدمی ہیں۔

۱۷۔ اکبر الہ آبادی نے جب لنگڑا آم اقبال کے پاس بھیجا تو اقبال نے رسید کے طور پر ان کو لکھا۔

اثر یہ تیرے اعجاز مسیحائی کا ہے اکبر
الہ آباد سے لنگڑا چلا اور لاہور تک پہنچا

۱۸۔ اقبال کو عمر بھر کسی ایسے محرم راز کی تمنا رہی جو اُس کے پیغام کی حقیقت کو پہچانے اور اس کے ذریعے قوم کے عروق مردہ میں خونِ زندگی دوڑائے۔ لیکن وہ اس حسرت کو دل میں ہی لے کر چلا گیا۔ اور کتنی بڑی حقیقت تھی جب ان سادہ الفاظ

میں بیان کر گیا کہ:

چو رخت خویش بربستم ازیں خاک ہمہ گفتند با ما آشنا بود
ولیکن کس ندانست این مسافر چہ گفت و با کہ گفت و از کجا بود

پہلے والا کہہ گیا اور بعد کے زمانے نے اس کے ایک ایک حرف کی تصدیق کر دی۔ علامہ اقبال کی وفات کے بعد (اپریل ۱۹۳۸ء سے آج تک) ان کی زندگی اور تصنیفات کے متعلق بہت کچھ لکھا گیا ہے لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ پر موجود ہے کہ اقبال کو بہت کم لوگوں نے پہچانا ہے بنیادی غلطی اور ستم ظریفی یہ ہے کہ اقبال کو ایک شاعر کی حیثیت سے پیش کیا جا رہا ہے، حالانکہ وہ پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ میں شاعر نہیں نہ شاعری میرا مقصود ہے مثنوی رموز و اسرار کی تمہید میں (جو علامہ اقبال کے پیغام کا سب سے پہلا مجموعہ ہے) وہ علانیہ کہتے ہیں۔ کہ

شاعری زیں مثنوی مقصود نیست بت پرستی بت گری مقصود نیست

اور عمر بھر انہیں اس بات کا گلہ رہا کہ:

مرا یاران غزلخوانے شمردند

لیکن کلام اقبال کے شیدائی ہیں کہ انہیں شاعر ہی کی حیثیت میں پیش کرنے پر مصر ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ اقبال بظاہر ایک شاعر ہے اور بہت بلند شاعر لیکن اس کی شاعری محض اس کے پیغام کے اظہار کا ذریعہ ہے، نہ کہ مقصود بالذات۔ پھر یہ کیا قباحت ہے کہ اگر ایک مفکر اپنے افکار و تصورات کو نثر میں پیش کرے تو اسے مفکر سمجھا جائے لیکن اگر وہ ان کا اظہار نظم میں کر دے تو وہ مفکر نہ رہے، فقط شاعر رہ جائے۔

کچھ دوسری قسم کے لوگ ہیں جو اقبال کو ایک فلاسفر کی حیثیت سے پہچانتے ہیں لیکن ان کی کیفیت یہ ہے کہ انکے نزدیک اقبال کے افکار و نظریات کے ماخذ حکمائے مغرب مثلاً نیٹشے، برگسان وغیرہ وغیرہ کے خیالات و تصورات ہیں اور اگر وہ بعض صورتوں میں ماخذ نہیں تو کم از کم اقبال کے خیالات ان فلاسفر سے متاثر ضرور ہیں۔ یہ مسئلہ اس وقت ہمارے حیطہ بحث سے خارج ہے کہ اقبال کا فلسفہ کس طرح ایک مستقل اور منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ لیکن اس پیچیدگی کا آسان ترین حل یہ ہے کہ ہم خود اقبال سے پوچھیں کہ اس کے افکار و تخیلات کا سرچشمہ کیا ہے علامہ اقبال رح اپنی پہلی مستقل تصنیف اسرار و رموز کے آخر میں لکھتے ہیں کہ میں نے اس کتاب میں خدائے حی و قیوم کے پیغام آخریں یعنی قرآن کریم کے اسرار و معارف بیان کئے ہیں۔ اس کے بعد یہ التجا کرتے ہیں کہ:

گر دلم آئینہ بے جوہر است   ور بحرفم غیر قرآں مضمر است
پردہ ناموس فکرم چاک کن   ایں خیاباں را ز خارم پاک کن

اور پھر اپنے لئے ایک ایسی بد دعا جس کے تصور ہی سے ہر مسلمان کی روح کانپ اٹھے یعنی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے اپنی محرومی۔

روز محشر خوار و رسوا کن مرا   بے نصیب از بوسہ پا کن مرا
گر در اسرار رفتہ آں سفتہ ام   با مسلماناں اگر حق گفتہ ام
در عمل پائندہ تر گرداں مرا   آب نیسانم گہر گرداں ام

یہ ابتدائی زمانے کی بات ہے۔ اس کے بعد آخری وقت تک وہ اپنے ایک

ایک مقام میں اس حقیقت کا اعلان کرتے رہے کہ میں نے جو کچھ سمجھا ہے قرآن سے سمجھا ہے۔ اور جو کچھ سمجھ رہا ہوں قرآن سے سمجھ رہا ہوں۔ لہذا یہ کہنا کہ اقبال نے اپنے افکار و نظریات اور اپنا فلسفۂ حیات مغرب کے حکماء سے مستعار لیا تھا اس پر اتنا بڑا ظلم ہے جس کا کفارہ ادا نہیں ہو سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ چونکہ ہماری تعلیم یکسر مغرب کے افکار و تخیلات کی گداگری ہے اس لئے ہم ہمیشہ اس جذبۂ مرعوبیت میں مبتلا رہتے ہیں کہ ہر سچا موتی کسی نہ کسی مغربی سمندر کی صدف کا پروردہ ہے حالانکہ اگر ہمیں اپنے ہاں کا کچھ بھی علم ہوتا اور اس علم سے ہماری نگاہوں میں صحیح بصیرت پیدا ہو جاتی۔ تو ہم دیکھتے کہ دنیا میں جہاں کہیں بھی حقیقت کی کوئی کرن ہے وہ قرآن کریم ہی کے چشمۂ نور کی رہینِ کرم ہے۔ اس لئے کہ قرآن کریم اس کا پیغام ہے جو حقیقت کلی اور صداقت مطلق ہے اور اس پیغام میں ذہن انسانی کی کسی قسم کی آمیزش کو کوئی دخل نہیں۔ قرآن سراپا روشنی ہے اور روشنی کا خاصہ ہے کہ وہ ہر شے کی اصل حقیقت اور اس کے صحیح صحیح مقام کو بے نقاب کر دیتی ہے۔ اس لئے جس مفکر کے افکار کا ماخذ قرآن ہو اسے کہیں اور سے دریوزہ گری کرنے کی ضرورت نہیں رہتی اور وہ حتم و یقین کے ساتھ یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ:

جہاں را جز بچشم خود ندیدم

لہذا پیام اقبال کو نہیں سمجھا جا سکتا تاوقتیکہ قرآن کو نہ سمجھا جائے۔

مقدمہ از خطبات اقبال

IQBAL ... 15371 LAHORE